قَالَ فَقَامَ رَجُلٌ غَائِرُالعَیۡنَیۡنِ مُشۡرِفُ الۡوَجۡنَتَیۡنِ نَاشِزُ الۡجَبۡهَةِ كَثُّ اللِّحۡيَةِ مَحۡلُوۡقُ الرَّأسِ مُشَمَّرُ الۡاِزَارِفَقَالَ يَارَسُوۡلَ اللّٰهِ اِتَّقِ اللّٰهَ قَالَ وَيۡلَكَ أَلَسۡتُ أَحَقَّ اَهۡلِ الۡأَرۡضِ أَنۡ يَّتَّقِيَ اللّٰهَ قَالَ ثُمَّ وَلَّى الرَّجُلُ قَالَ خَالِدُ بۡنُ وَلِيۡدٍ يَارَسُوۡلَ اللّٰهِ اَلَا اَضۡرِبُ عُنُقَهٗ قَالَ لَالَعَلَّهٗ اَنۡ يَّكُوۡنَ يُصَلِّىۡ فَقَالَ خَالِدٌ وَكَمۡ مِنۡ مُصَلٍّ يَقُوۡلُ بِلِسَانِهٖ مَا لَيۡسَ فِىۡ قَلۡبِهٖ قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ ﷺ إِنِّىۡ لَمۡ أُوۡمَرۡ اَنۡ اَنۡقَبَ عَنۡ قُلُوۡبِ النَّاسِ وَلَاأَشُقَّ بُطُوۡنَهُمۡ قَالَ ثُمَّ نَظَرَ اِلَيۡهِ وَهُوَ مُقَفٍّ فَقَالَ إِنَّهٗ يَخۡرُجُ مِنۡ ضِئۡضِئِ هٰذَا قَوۡمٌ يَّتۡلُوۡنَ كِتَابَ اللّٰهِ رَطۡبًا لَايُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمۡ يَمۡرُقُوۡنَ مِنَ الدِّيۡنِ كَمَا يَمۡرُقُ السَّهۡمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ وَ أَظُنُّهٗ قَالَ لَئِنۡ أَدۡرَكۡتُهُمۡ لَأَقۡتُلَنَّهُمۡ قَتۡلَ ثَمُوۡدٍ۔

(بخاری شریف کتاب المغازی ص ۶۲۳ و ۶۲۴ مطبوعہ رضا اکیڈمی ممبئی، مسند احمد حدیث نمبر ۱۰۵۸۵)

حضرت ابن ابونعیم فرماتے ہیں کہ ایک شخص کھڑا ہوا جس کی آنکھیں گھسی ہوئیں بھنویں چڑھی ہوئیں پیشانی ابھری داڑھی گھنی سر گھٹا لنگی چڑھی ہوئی تھی اور بولا اے اللہ کے رسول! اللہ سے ڈریئے سرکار نے فرمایا تباہی ہو کیا

زمین میں سب سے زیادہ اللہ سے میں ڈرنے والا نہیں ہوں فرماتے ہیں پھر جب وہ شخص پھرا خالد بن ولید نے کہا یا رسول اللہ کیا میں اسکی گردن ماردوں سرکار نے فرمایا نہیں امید کی وہ نماز پڑھے خالد بن ولید نے کہا بہت سے نمازی زبان سے کچھ بولتے ہیں اور دل میں کچھ ہوتا ہے۔ سرکار نے فرمایا مجھے لوگوں کے دل میں سراخ کرنے اور پیٹ چاک کرنے کا حکم نہیں دیا گیا (فرماتے ہیں) پھر اسے دیکھا (وہ آرہا تھا) فرمایا اسکی نسل سے ایک قوم نکلے گی جو خوب اچھی طرح قرآن پڑھے گی لیکن اسکے حلق سے نہ اترے گا یہ دین سے نکل جائے گی جیسے تیر کمان سے میرا گمان ہے انھوں نے فرمایا کہ اگر اسے پاؤں گا تو ثمود کی طرح قتل کروں گا۔

☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ آقائے کائنات فخر موجودات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

يَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ دَجَّالُونَ كَذَّابُونَ يَأْتُونَكُمْ مِنَ الْأَحَادِيثِ بِمَالَمْ تَسْمَعُوا أَنْتُمْ وَلَا آبَاؤُكُمْ فَإِيَّاكُمْ وَإِيَّاهُمْ لَا يُضِلُّونَكُمْ وَلَا يَفْتِنُونَكُمْ۔ (مشکوۃ ص ۲۸ و مسلم ص ۱۰)

کہ آخری زمانے میں کچھ فریب کار جھوٹے ہونگے جو ایسی باتیں لائیں گے جو نہ تم نے سنا نہ تمہارے باپ دادا نے سنا تو تم خود کو ان سے بچاؤ کہ تمہیں گمراہی اور آزمائش میں نہ ڈالدیں۔

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ اسی حدیث کی تشریح میں فرماتے ہیں۔

یعنی جماعہ باشند کہ خودرا بمکر و تلبیس درصورت علما و مشائخ و صلحا از اہل نصیحت و صلاح نمایند تادروغہائے خودرا ترویج دہند و مردم را بمذاہب باطلہ و آراء کاسدہ بخوانند۔ (اشعۃ اللمعات ج ۱ ص ۱۳۳)

کہ کچھ لوگ مکروفریب اور دھوکہ سے علماء ومشائخ اور نیکوں کی صورت میں

اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کریں گے تا کہ اپنی جھوٹی باتیں پھیلائیں اور لوگوں کو اپنے باطل عقائد اور فاسد خیالات کی دعوت دیں۔

ذکر کردہ احادیث میں سرور دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہابیہ و دیابنہ کے گیارہ اوصاف ذکر فرمائے ہیں (۱) نوعمر کم عقل ہونگے (۲) باتیں بھولی بھالی اور اچھی ہونگی (۳) افعال برے ہونگے (۴) قرآن کریم کی زیادہ اور خوب تلاوت کریں گے۔ (۵) دین سے نکلنے (وہابی ہونے) کے بعد واپس نہیں آئیں گے (۶) شان رسالت میں گستاخی اور طرح طرح کے اعتراضات کریں گے (۷) نماز روزہ کے اتنے پابند ہوں گے کہ اہل حق اپنی نمازیں اور روزے حقیر و ہیچ جانیں گے (۸) فریب کار جھوٹے مکار مفتری ہونگے (۹) ایسی باتیں گڑھ کے پیش کرینگے کہ کبھی کسی نے سنا ہی نہیں (۱۰) سر گھٹائیں گے (۱۱) اور لنگی چڑھا کے باندھیں گے۔

حضرات! اب خود سوچ سمجھ کر فیصلہ کریں کہ یہ علامتیں موجودہ فرقۂ وہابیہ میں پائی جاتی ہیں یا نہیں؟ آپ تو دیکھتے ہونگے کہ ان میں اکثر نوعمر نوجوان ہوتے ہیں جو فاسق و فاجر سر مونڈائے چلّوں میں جاتے ہیں اور لوگوں سے بڑی پیاری باتیں کرتے قرآن کریم کی تلاوت کرتے نماز روزہ جیسی عبادات اتنے انہماک اور والہانہ انداز میں ادا کرتے کہ دیکھ کر رشک آتا ہے۔ قریہ قریہ، چپہ چپہ، شہر شہر، برسر عام تسبیح پڑھتے پھرتے ہیں جس سے محسوس ہوتا ہے کہ وقت کے مایۂ ناز مشائخ، ہدایت و رہنمائی کے علم بردار، مفتخرِ روزگار اور صلحا و دیندار ہیں مگر ساتھ ہی بڑے جھوٹے، فریبی مکار، وعدہ خلاف، خوں خوار جھگڑالو ہوتے ہیں۔ اکثر اوقات رسول گرامی وقار اور خدائے ستّار و غفّار اور اس کے مقربان بارگاہ اولیاء و صلحاء روزگار کی شان اقدس کی تنقیص کرتے اور اپنے اعمال ان کے اعمال سے افضل سمجھتے ہیں ذرا ان کے جھوٹ بھی ملاحظہ فرمائیں اور یقین نہ آئے تو تجربہ کر لیں۔

(۱) جب کبھی عقائد بیان کئے جاتے ہیں تو کہتے ہیں ہمارے علما بھلا ایسا لکھ سکتے

ہیں یہ سب بریلویوں نے گڑھ لیا ہے۔ حالانکہ انکی کتابیں چھپی ہوئی موجود ہیں اور خود دیوبند سے ہی برابر چھپتی رہتی ہیں۔

(۲) یہ سب علما کا اختلاف ہے ہم لوگ اس میں نہیں پڑتے۔

حالانکہ ایسے کفری عقائد والے علما مثلاً رشید احمد گنگوہی، اشرفعلی تھانوی، خلیل احمد انبیٹھوی، قاسم نانوتوی قاری طیب وغیرہم کو اپنا پیشوا گردانتے ہیں انکی کتابیں پڑھتے پڑھاتے ہیں

(۳) ہم کو عقیدہ سے مطلب نہیں ہم تو صرف روزہ نماز کی تبلیغ کرنے آئے ہیں۔

حالانکہ عقیدہ خراب کر کے وہابی بنانا ہی انکا مقصد ہے، چنانچہ چندروز جماعت میں جانے کے بعد آدمی وہابی ہو جاتا ہے، اگر صرف روزہ نماز کی ہی باتیں کی گئی تھیں تو پھر یہ چلہ کرنے بعد وہابی کیسے ہوگیا۔

(۴) یہ جھوٹے تبلیغی بولتے ہیں۔ اعلٰحضرت اور مولوی اشرفعلی تھانوی ایک ساتھ دیوبند میں پڑھتے تھے۔

حالانکہ یہ محض جھوٹ اور فریب ہے، کبھی اعلٰیحضرت دیوبند گئے بھی نہیں، نہ کبھی اشرفعلی سے ان کی ملاقات ہی ثابت ہے اور عمر میں بھی کافی فرق ہے کہ اعلی حضرت قدس سرہ جب فارغ ہوئے تو اشرفعلی کی عمر صرف ۶ رسال تھی جبکہ ان کی بھی کسی کتاب میں نہیں لکھا ہے کہ تھانوی صاحب چھ سال کی عمر میں فارغ ہوئے۔

(۵) اور ایک جھوٹ ملاحظہ ہو، یہ تبلیغی کہتے پھرتے ہیں، اور بھولے بھالے عام قسم کے مسلمانوں کو یہ کہہ کر بہکاتے ہیں کہ دیکھو بریلوی لوگ تو صرف تعزیہ بناتے ہیں اور قبروں کو سجدہ کرتے ہیں اور رسول کو خدا کے برابر بتاتے ہیں جبکہ ہم لوگ نماز پڑھتے ہیں بس اسی وجہ سے ہم کو کافر کہتے ہیں۔

حالانکہ یہ سب باتیں سراسر جھوٹ ہیں نہ ہم ان کو نماز پڑھنے کی وجہ سے کافر کہتے ہیں نہ مذکورہ بالا افعال سنی کرتے ہیں۔ کہ ہمارے نزدیک قبروں کو سجدہ حرام ہے،

عبادت کی نیت سے ہو تو کفر، تعزیہ مروجہ ناجائز اور خدا کے برابر کسی کو سمجھنا کھلا شرک۔ ہاں ہم دیوبندیوں کو کافر کہتے ہیں تو ان کے کفریات کی وجہ سے۔ یہ کفر نہ کرتے یا موجودہ لوگ اپنے اکابر کے کفریات کا اقرار نہ کرتے تو ہم کیوں ان کو کافر کہتے، یہ خود ہی کفر کرنے یا کفر کے اقرار کرنے کی وجہ سے کافر ہوئے اور جھوٹا الزام ہمارے اوپر لگاتے ہیں بھلا کوئی مسلمان کسی کو نماز کی وجہ سے کافر کہہ سکتا ہے، بات یہ ہے کہ نماز ہم بھی پڑھتے ہیں مگر ہمیں گھمنڈ نہیں اور ان کو اپنی نماز پر بڑا گھمنڈ ہے۔

اور جب روشن ہو گیا کہ فرمان رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مصداق آج وہابی دیوبندی ہی نظر آتے ہیں تو ان سے ضرور بچنا چاہئے۔

لہٰذا جو لوگ انکے کفری افکار و عقائد سے واقف ہوتے ہوئے انھیں اپنا پیشوا اور مسلمان سمجھتے ہیں وہ بھی انھیں کی طرح ہیں اور جو محض ان کے ظاہری اعمال سے متاثر ہو کر ہمنوا ہو گئے ہیں اور ان کی تعریف و توصیف کرنے لگے وہ گمراہ ضرور ہیں مگر کافر نہیں لہٰذا جو کفری احکام ہیں وہ صرف انھیں پر نافذ ہوں گے جو جان بوجھ کر کفری عقائد کے حامی ہیں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے گستاخ کا حکم:

وہابیہ کے پیشواؤں کے ذکر کردہ عقائد سے واضح ہے کہ یہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں توہین آمیز کلمات بکتے ہیں اور سب وشتم کا نشانہ بناتے ہیں ان سے تعلقات و روابط سے متعلق احکام بیان کرنے سے قبل مناسب یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا کسی اور نبی کی گستاخی کرنے والے کے بارے میں شرعی احکام پیش کئے جائیں۔ لہٰذا رسول انام و فقہائے اسلام کے اقوال ملاحظہ ہوں۔

ارشادات رسول صلی اللہ علیہ وسلم:

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

Scanned by CamScanner

مَنْ سَبَّ الْأَنْبِيَاءَ قُتِلَ وَمَنْ سَبَّ أَصْحَابِی جُلِدَ۔

(جامع صغیر ج ۲ ص ۶۰۸ بحوالہ طبرانی فی الکبیر)

کہ جو نبیوں کو گالی دے اسے قتل کر دیا جائے گا اور جو میرے صحابیوں کو گالی دے اسے کوڑا لگایا جائے۔

حضرت حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔

مَنْ سَبَّ نَبِيًّا فَاقْتُلُوْهُ وَمَنْ سَبَّ أَصْحَابِیْ فَاضْرِبُوْهُ۔

(فتاویٰ خیریہ ج ۱ ص ۱۰۲)

کہ جو کسی نبی کو گالی دے اس کو قتل کر دو اور جو میرے صحابہ کو گالی دے اسے مارو۔

عبارات فقہا:

تنویر الابصار میں ہے۔

كُلُّ مُسْلِمٍ اِرْتَدَّ فَتَوْبَتُهٗ مَقْبُوْلَةٌ إِلَّا الْكَافِرُ بِسَبِّ نَبِیٍّ۔

(تنویر الابصار ج ۳ ص ۳۱۷)

مرتد ہو جانے والے ہر مسلمان کی توبہ مقبول ہے مگر کسی نبی کو گالی دیکر مرتد ہو جانے والے کافر کی توبہ مقبول نہیں۔

☆ صاحب درر نے بزازیہ سے نقل کر کے اور ابن سحنون مالکی نے فرمایا

أَجْمَعَ الْمُسْلِمُوْنَ أَنَّ شَاتِمَهٗ كَافِرٌ وَحُكْمُهُ الْقَتْلُ وَمَنْ شَكَّ فِی عَذَابِهٖ وَكُفْرِهٖ كَفَرَ۔ (ردالمحتار ج ۳ ص ۳۱۷)

جملہ اہل اسلام کا اجماع ہے کہ نبی کریم ﷺ کو برا کہنے والا کافر ہے اور اس کا حکم یہ ہے کہ اسے قتل کر دیا جائے اور جو اس کے مستحق عذاب ہونے میں

Scanned by CamScanner

شک کرے کافر ہے۔

☆ فریدالدہر وحید العصر علامہ طاہر بن احمد بن رشید علیہ الرحمۃ والرضوان فرماتے ہیں۔

وَفِیْ الْمُحِیْطِ مَنْ شَتَمَ النَّبِیَّ ﷺ أَوْ أَهَانَهٗ أَوْ عَابَهٗ فِی أُمُوْرِ دِیْنِهٖ أَوْ فِی شَخْصِهٖ أَوْفِی وَصْفِهٖ مِنْ أَوْصَافِ ذَاتِهٖ سَوَاءٌ كَانَ الشَّاتِمُ مَثَلاً مِنْ أُمَّتِهٖ أَوْ غَیْرِهَا وَسَوَاءٌ كَانَ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ أَوْ غَیْرِهٖ ذِمِّیًّا كَانَ أَوْحَرَبِیًّا سَوَاءٌ كَانَ الشَّتْمُ أَوِالْإِهَانَةُأَوِ الْعَیْبُ صَادِراً عَنْهُ عَمَداً أَوْ سَهْوًا أَوْ غَفْلَةً أَوْجِدّاً أَوْهَزَلاًفَقَدْ كَفَرَ خُلُوْداً بِحَیْثُ إِنْ تَابَ لَمْ یُقْبَلْ تَوْبَتُهٗ أَبَداً لَا عِنْدَاللّٰهِ وَلَا عِنْدَالنَّاسِ۔

(خلاصۃ الفتاویٰ ج ۴ ص ۳۸۶)

کہ محیط میں ہے جس نے نبی کریم ﷺ کو گالی دی یا ان کی شان میں توہین کی یا دینی معاملات میں انھیں عیب لگایا یا خود ان کو اپنی شخصیت یا ان کے کسی وصف میں لگایا تو وہ کافر ہو گیا خواہ گالی دینے والا امت محمد ﷺ سے ہو یا اس کے علاوہ کتابی ہو یا غیر کتابی ذمی ہو یا حربی اور گالی یا توہین وعیب قصداً صادر ہو یا سہواً یا غفلت میں یا جلد بازی میں یا مذاق میں بہر صورت (گالی دینے والا) ایسا دائمی کافر ہو گا کہ اگر چہ توبہ کرے مگر اس کے باوجود اس کے توبہ پر اعتماد کر کے اسے باقی نہیں رکھا جائے گا بلکہ اس کے قتل ہی کا حکم دیا جائے گا۔

☆ شفا شریف، معین الحکام، شرح الطحاوی، خاوی؟ زاہدی میں ہے۔

"صُرِّحَ فِی آخِرِالشِّفَا بِأَنَّ حُكْمَهٗ كَالْمُرْتَدِّ۔ (درمختار ج ۳ ص ۳۱۸)

Scanned by CamScanner

نبی کو گالی دینے والے کا حکم مرتد کا حکم ہے"

☆ درمختار میں ہے۔

مَنْ سَبَّ الرَّسُوْلَ ﷺ فَإِنَّهٗ مُرْتَدٌّ وَحُكْمُهٗ حُكْمُ الْمُرْتَدِّ وَيُفْعَلُ بِهٖ مَا يُفْعَلُ بِالْمُرْتَدِّ۔ (درمختار ج ۳ ص ۳۱۹)

کہ جس نے رسول اللہ ﷺ کو گالی دی وہ مرتد ہے اس کا حکم مرتد کا حکم ہے اس کے ساتھ مرتد کا سا سلوک کیا جائے

☆ شرح الطحاوی کے حوالہ سے حضرت علامہ طاہر بن احمد بن عبد الرشید فرماتے ہیں۔

كُلُّ مَنْ سَبَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ أَوْ يَنْقُصُهٗ كَانَ فِيْهِ رِدَّةٌ کہ جس نے اللہ کے رسول ﷺ کو گالی دی یا ان کی تنقیص شان کی وہ مرتد ہے۔

(خلاصۃ الفتاوی ج ۴ ص ۳۸۶)

☆ مواہب اللدنیہ میں ہے۔

إِنَّ مَنْ سَبَّهٗ ﷺ أَوْ إِنْتَقَصَهٗ قُتِلَ بِإِجْمَاعٍ۔

(مواہب اللدنیہ ج ۵ ص ۳۱۵)

کہ جو شخص رسول اللہ ﷺ کو گالی دے یا ان کی تنقیص شان کرے اسے بالاجماع قتل کیا جائے گا

☆ شفا شریف ص ۳۲۱ میں ہے

اَجْمَعَ الْعُلَمَاءُ أَنَّ شَاتِمَ النَّبِيِّ ﷺ اَلْمُنْقِصَ لَهٗ كَافِرٌ وَالْوَعِيْدُ جَارٍ عَلَيْهِ بِعَذَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمَنْ شَكَّ فِيْ كُفْرِهٖ وَعَذَابِهٖ فَقَدْ كَفَرَ۔ (فتاوی رضویہ ج ۶ ص ۳۹)

علمائے کرام کا اتفاق ہے کہ نبی ﷺ کو گالی دینے والا اور تنقیص کرنے

والا کافر ہے اس کے حق میں اللہ کے عذاب کی وعید ہے اور جو اس کے کفر وعذاب میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔

☆ درر الاحکام علامہ مولیٰ خسرو جلد اول ص ۲۹۹ میں ہے

إذَا سَبَّهُ ﷺ أوْ أحَداً مِنَ الْأنْبِيَاءِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ تَعَالىٰ عَلَيْهِمْ أجْمَعِيْنَ مُسْلِمٌ فَلَا تَوْبَةَ لَهُ أصَلاً وَأجْمَعَ الْعُلَمَاءُ أنَّ شَاتِمَهُ كَافِرٌ وَمَنْ شَكَّ فِي عَذَابِهٖ وَكُفْرِهٖ كَفَرَ -

(فتاویٰ رضویہ ج ٦ ص ۴۰)

کہ جب کسی مسلمان نے رسول اللہ ﷺ یا کسی اور نبی کو گالی دی تو اس کی توبہ بالکل مقبول نہیں اور علمائے کرام کا اجماع ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو گالی دینے والا کافر اور جو اس کے عذاب وکفر میں شک کرے کافر ہے۔

☆ غنیۃ ذوی الاحکام میں ہے۔

مَحَلُّ قُبُوْلِ تَوْبَةٍ مَالَمْ تَكُنْ رِدَّتُهُ بِسَبِّ النَّبِيِّ أوْ بُغْضِهٖ ﷺ فَإنْ كَانَ بِهٖ لَا تُقْبَلُ تَوْبَتُهُ سَوَاءٌ جَاءَ تَائِباً مِنْ نَفْسِهٖ أوْ شَهِدَ عَلَيْهِ بِذٰلِكَ بَخِلَافِ غَيْرِهٖ مِنَ الْمُكَفِّرَاتِ۔

(فتاویٰ رضویہ ج ٦ ص ۴۰)

توبہ اسی وقت مقبول ہے جب کہ ارتداد نبی کریم ﷺ کو گالی دینے یا ان سے بغض رکھنے کے سبب نہ ہو اور اگر گالی کے سبب سے ہو تو مقبول نہیں چاہے خود تائب ہو کر آئے یا اس کے خلاف شہادت ہوئی ہو برخلاف دیگر اسباب کفر کے۔

☆ نسیم الریاض ج ۴ ص ۳۸۱ میں ہے۔

مَا صُرِّحَ بِهٖ مِنْ كُفْرِ السَّابِّ وَالشَّاكِّ فِي كُفْرِهٖ هُوَمَاعَلَيْهِ

Scanned by CamScanner

أَئِمَّتُنَا وَغَيْرُهُمْ۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۶ ص ۳۹)

اس کی صراحت ہے کہ نبی کریم ﷺ کو گالی دینے والا کافر ہے اور اس کے کفر میں شک کرنا بھی کفر ہے یہی ہمارے ائمہ وغیرہم کا مذہب ہے۔

☆ حضرت سیدنا امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کتاب الخراج ص ۱۱۲ میں فرماتے ہیں۔

وَأَيُّمَارَجُلٍ مُسْلِمٍ سَبَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ أَوْ كَذَّبَهُ أَوْ عَابَهُ أَوْ تَنَقَّصَهُ فَقَدْ كَفَرَ بِاللّٰهِ تَعَالٰى وَبَانَتْ زَوْجَتُهُ۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۶ ص ۴۱)

کہ جس مسلمان نے رسول اللہ ﷺ کو گالی دی یا تکذیب کی یا عیب لگایا یا ان کی تنقیص کی تو کافر ہو گیا اور اس کی بیوی نکاح سے باہر ہو گئی۔

☆ وجیز امام کردری ج ۳ ص ۳۲۱ میں ہے

إِذَا سَبَّ الرَّسُوْلَ ﷺ أَوْ وَاحِداً مِنَ الْأَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ فَلَاتَوْبَةَ لَهُ وَإِذَا شَتَمَهُ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ لَا يُعْفٰى وَأَجْمَعَ الْعُلَمَاءُ أَنَّ شَاتِمَهُ كَافِرٌ وَمَنْ شَكَّ فِي كُفْرِهٖ وَعَذَابِهٖ كَفَرَ۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۶ ص ۳۹)

کہ جب مسلمان نے رسول اللہ ﷺ یا کسی اور نبی کو گالی دی تو اسکی توبہ مقبول نہیں اور نشہ کی حالت میں کسی نے رسول اللہ ﷺ کو گالی دی جب بھی معاف نہیں اور علماء کا اتفاق ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو گالی دینے والا کافر اور جو اس کے کفر و عذاب میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔

☆ فتح القدیر ج ۴ ص ۴۰۷ میں ہے

كُلُّ مَنْ أَبْغَضَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ بِقَلْبِهٖ كَانَ مُرْتَدّاً فَالسَّابُّ

Scanned by CamScanner

بِطَرِيقٍ أُولَىٰ وَإِنْ سَبَّ سَكَرَانٌ لَا يُعْفَىٰ۔

(فتاوی رضویہ ج٦ ص۴٠)

کہ جس نے رسول اللہ ﷺ سے دل میں بغض رکھا تو مرتد ہو گیا لہٰذا گالی دینے والا یقیناً مرتد ہے اگرچہ نشہ کی حالت میں گالی دی جب بھی معافی نہیں ملے گی۔

☆ مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر (ج ١ ص ٦١٨) میں ہے۔

إِذَا سَبَّهُ ﷺ أَوْ وَاحِداً مِنَ الْأَنْبِيَاءِ مُسْلِمٌ وَلَوْ سَكَرَانُ فَلَا تَوْبَةَ لَهُ تُنْجِيهِ كَالزِّنْدِيقِ وَمَنْ شَكَّ فِي عَذَابِهِ وَكُفْرِهِ فَقَدْ كَفَرَ۔ (فتاوی رضویہ ج٦ ص۴١)

جو مسلمان حضرت اقدس ﷺ یا کسی نبی کی شان میں گستاخی کرے اگرچہ نشہ کی حالت میں اس کی توبہ بھی دنیا میں نجات نہ دے گی جیسے دہریہ بے دین کی توبہ سنی نہیں جاتی اور جو اس کے عذاب وکفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔

☆ حضرت علامہ خیر الدین رملی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

إِذَا سَبَّ الرَّسُولَ ﷺ أَوْ وَاحِداً مِنَ الْأَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ فَإِنَّه يُقْتَلُ حَدّاً وَلَا تَوْبَةَ لَهُ أَصلاً سَوَاءٌ كَانَ بَعْدَ الْقُدْرَةِ عَلَيْهِ وَالشَّهَادَةِ أَوْ جَاءَ تَائِباً مِنْ قِبَلِ نَفْسِهِ كَالْمُتَزَنْدِقِ فَإِنَّهُ حَدٌّ وَجَبَ فَلَا يَسْقُطُ بِالتَّوْبَةِ وَلَا يُتَصَوَّرُ فِيهِ خِلَافٌ لِأَحَدٍ۔ (فتاوی رضویہ ج٦ ص٣٩)

جب رسول اللہ ﷺ کو یا کسی نبی کو گالی دی تو حد میں قتل کیا جائے گا اس کی توبہ قطعاً قبول نہ کی جائے گی۔ چاہے قدرت وشہادت کے بعد ہو یا از خود تائب ہو جائے جیسے دہریہ کہ اس پر حد واجب ہے توبہ سے ساقط نہیں اور

Scanned by CamScanner

اس میں کسی کا اختلاف نہیں۔

ان عبارات فقہا سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ کو گالی دینے والا ایسا مرتد ہوتا ہے کہ اس کی توبہ مقبول نہیں ہوتی اسے بہرحال قتل کیا جائے گا۔ اور وہابیوں دیوبندیوں کے اکابر نے خدا کو جھوٹا رسول اللہ کا خیال بیل گدھے کے خیال سے بدتر، ان کا علم شیطان لعین کے علم سے کم تر کہا لہٰذا ان گستاخیوں کے سبب کافرو مرتد ہوئے۔ اور ان کا حکم بھی کافروں مرتدوں کا ہوگا۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ خدا کے وجود سے انکار یا اس کے ساتھ شریک ٹھہرانے ہی سے آدمی کافر نہیں ہوتا بلکہ خدا کے محبوب اعظم کو گالی دیدینے یا گستاخی کرنے سے بھی جہنمی ہوجاتا ہے اسی لیے کہا گیا ہے۔

ہے جہنم میں پہنچنے کا یہ بھی اک راستہ

سب وشتم مصطفےٰ سے کر لے اپنا واسطہ (احسن بہرائچی)

نماز اور دیگر اعمال سے غلط فہمی:

سادہ لوح مسلمان! وہابیوں دیوبندیوں کی نماز روزے وظائف اوراد و اشغال کی پابندی دیکھتے ہیں تو غلط فہمی کے شکار ہوجاتے ہیں ان کے ذہن وفکر میں یہ سوال ابھرتا ہے کہ اتنے پابند شرع ہونے کے بعد کافر کیسے ہوسکتے ہیں۔

تو آیئے ان کے اعمال کا جائزہ لیتے ہیں کہ خدا ورسول کے یہاں انکے روزے اور عبادات مقبول بھی ہیں یا نہیں (پھر خود سمجھ میں آجائے گا کہ پابند شرع ہیں یا نہیں) متعدد احادیث کریمہ اس باب میں موجود ہیں کہ بدمذہبوں کی نماز اوران کے اعمال لغو اور بے کار ہیں خدا کے یہاں بالکل غیر مقبول ہیں۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ لِصَاحِبِ بِدْعَةٍ صَوماً وَلَاصَلوٰةَ وَلَاصَدَقَةَ وَلَاحَجًّا وَلَاعُمْرَةَ وَلَاجِهَاداً وَّلَاصَرْفاً وَلَا عَدْلاًيَّخْرُجُ مِنَ

Scanned by CamScanner

الْإِسْلَامِ كَمَا يَخْرُجُ الشَّعْرَةُ مِنَ الْعَجِيْنِ (ابن ماجہ شریف ص ۶)
کہ اللہ تعالیٰ بد مذہب کا روزہ اسکی نماز اس کا صدقہ حج، عمرہ، جہاد، نفل، فرض کچھ بھی قبول نہیں فرماتا وہ دین سے ایسے نکل جاتا ہے جیسے بال آٹے سے۔

سرور کائنات ﷺ نے ارشاد فرمایا:

إِذَا ظَهَرَتِ الْبِدَعُ وَالْفِتَنُ وَسُبَّ أَصْحَابِى فَيُظْهِرُ الْعَالِمُ عِلْمَهٗ وَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ لَايَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفاً وَّلَا عَدْلاً۔

(حسام الحرمین نظامی پریس بدایوں تقریظ نمبر ۲۳ ص ۱۹۰، ۱۹۲)

کہ جب بد مذہبیاں یا فتنے ظاہر ہوں اور میرے صحابہ کو برا کہا جائے تو واجب ہے کہ عالم ایسے وقت اپنا علم ظاہر کرے اور جو ایسا نہ کرے اس پر اللہ اور فرشتوں اور آدمیوں سب کی لعنت ہے اور اللہ اس کا نہ فرض قبول کرے نہ نفل۔

اور حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ابن مردویہ روایت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا۔

إِنَّ الرَّجُلَ يُصَلِّى وَيَصُوْمُ وَيَحُجُّ وَيَعْتَمِرُ وَيَغْزُوْ وَإِنَّهٗ لَمُنَافِقٌ قِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ بِمَاذَادَخَلَ عَلَيْهِ النِّفَاقُ قَالَ لِطَعْنِهٖ عَلَى الْإِمَامِ۔ (فتاوی الحرمین ص ۱۹۱ مطبوعہ رضا اکیڈمی ممبئی بحوالہ ابن مردویہ)

کہ آدمی نماز پڑھتا ہے روزہ رکھتا غزوہ کرتا ہے حالانکہ وہ منافق ہے دریافت کیا گیا یارسول اللہ اس میں نفاق کیسے آگیا ارشاد فرمایا وہ اپنے امام برحق پر طعن و تشنیع کرتا ہے۔

معلوم ہوا کہ بد مذہبیاں، فتنے ظاہر ہوں اور عالم اپنے علم کے ذریعہ اس کا رد وابطال نہ کرے تو اسکے اعمال بے کار ہوتے ہیں۔ اس کی نماز خواہ فرض ہو یا نفل قبول

Scanned by CamScanner

نہیں ہوتی یوں ہی امام برحق پر طعن کرنے والا مسلمان منافق ہو جاتا ہے اس کے اعمال اس کے حق میں فائدہ مند نہیں رہ جاتے ۔تو سرور کونین مالک دارین ﷺ اور اولیا وصلحا کو گالی دینے طعن و تشنیع کرنے والوں کو ان کے اعمال کیوں کر فائدہ مند ثابت ہو سکتے ہیں ۔؟

اور جب رسول کی شان میں گستاخی کی وجہ سے وہابیہ، دیابنہ کافر ہیں اور انکے روزے حج ان کی نمازیں زکوٰۃ، جہاد عمرہ وغیرہ ان کے لیے مفید نہیں، قہر قہار غضب جبار عذاب نار سے نجات دلانے والے نہیں تو سنی مسلمانوں کو ان کے اعمال سے ہرگز فریب خوردہ نہیں ہونا چاہئے اب جبکہ ان کا کفر وارتداد آفتاب نیم روز سے زیادہ روشن ہو چکا تو ان سے روابط وتعلقات رکھنے سے متعلق احکام شرعیہ بگوش وہوش سنیں اور عمل پیرا ہو کر رضائے خدا اور رسول ﷺ حاصل کر کے اُخروی نجات سے بہرہ ور ہوں۔

بد مذہبوں کی صحبت:

ہم نشینی اور صحبت کی اثر انگیزی سے کسی کو انکار نہیں ہوسکتا نیکوں کی صحبت ہو یا بروں کی، بلکہ نیکوں کے بہ نسبت بروں کی زیادہ اثر کرتی ہے یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ اور اسلاف کرام نے اچھوں کی صحبت اختیار کرنے اور بدوں کے ساتھ ہم نشینی سے احتراز کی تاکید فرمائی ارشاد الٰہی ہے۔

یَاأَیُّهَاالَّذِیْنَ آمَنُواتَّقُوااللّٰهَ وَکُوْنُوْامَعَ الصّٰدِقِیْنَ (توبہ ۱۱۹)

ارشادات رسول ﷺ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

لَاتُصَاحِبْ إِلَّا مُؤْمِناًوَ لَایَأْکُلْ طَعَامَكَ إِلَّا تَقِیٌّ ۔

(احمد، ابوداؤد، ترمذی بحوالہ فتاوی رضویہ ج ۱۰ النصف اول ص ۱۲)

Scanned by CamScanner

کہ مومن ہی سے صحبت رکھو اور تمہارا کھانا پرہیز گار ہی کھائے۔

ابوموسی اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

إِنَّمَا مَثَلُ الْجَلِيسِ الصَّالِحِ وَجَلِيسِ السُّوءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ الْكِيْرِ فَحَامِلُ الْمِسْكِ إِمَّا أَنْ يُحْذِيَكَ وَإِمَّا أَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ وَإِمَّاأَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيحاً طَيِّبَةً وَنَافِخُ الْكِيْرِ إِمَّا أَنْ يُحرِّق ثِيَابَكَ وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيحاً خَبِيثَةً۔

(فتاوی رضویہ ج ۱۰ نصف اول ص ۱۲ مطبوعہ رضا ایوان عرفان بیسلپور)

نیک ہم نشین اور برے ہم نشین کی مثال یوں ہے جیسے ایک کے پاس مشک ہے اور دوسرا دھونکنی دھونک رہا ہے اب مشک والا یا تو مشک ویسے ہی دے گا یا تو اس سے مول لے گا، اور کچھ نہ سہی تو خوشبو ضرور آئے گی اور وہ دوسرا یا تیرے کپڑے جلا دے گا یا تو بدبو پائے گا۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ بدوں کی صحبت ایسی ہے جیسے لوہار کی بھٹی کہ کپڑے کالے نہ ہوئے تو دھواں جب بھی پہنچے گا۔

(رواہ ابوداؤد والنسائی)

حضور سرور عالم سے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ آپ نے فرمایا

إِيَّاكَ وَقَرِيْنَ السُّوْءِ فَإِنَّكَ بِهٖ تُعْرَفُ۔ (فتاوی رضویہ ج ۱۰ ص ۱۲۔۱۳)

کہ برے ساتھی سے بچ کہ تو اسی سے پہچانا جائے گا۔

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اقدس ﷺ نے فرمایا۔

"مَنْ جَامَعَ الْمُشْرِكَ وَسَكَنَ مَعَهٗ فَإِنَّهٗ مِثْلُهٗ۔

(جامع صغیر ج ۲ ص ۵۹۲)

کہ جو مشرک سے یکجا ہوا اور وہ اس کے ساتھ رہا وہ اسی مشرک کے مانند ہے۔

Scanned by CamScanner

سرورعالم ﷺ کا ارشاد ہے۔

أَنَا بَرِیْءٌ مِنْ کُلِّ مُسْلِمٍ مَعَ مُشْرِكٍ لَا تَتَرَآی نَارَاهُمَا۔

(فتاوی الحرمین ص ۸۰ مکتبہ حامدیہ لاہور)

کہ میں بیزار ہوں اس مسلمان سے کہ جو مشرکوں کے ساتھ ہو مسلمان اور کافر کی آگ آمنے سامنے نہ ہونا چاہئے۔

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ جو لوگ کافروں مشرکوں، ہندوؤں سے گہرا تعلق رکھتے ہیں ان کے ساتھ اٹھتے بیٹھتے ہیں اللہ اور اس کے رسول اس سے ناراض رہتے ہیں اور دور حاضر کے فرق باطلہ خصوصاً وہابیہ، دیوبندیہ جو کافروں مشرکوں سے بھی بدتر کافر ہیں ان کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے والوں کا کیا انجام ہوگا مسلمانو! عبرت حاصل کرو۔ دیوبندیوں ،وہابیوں کی مصاحبت چھوڑ دو خصوصاً ان کا ہم پیالہ ہم نوالہ ہونے سے بچو کہ یہ اور بدانجام ہے۔

میل جول:

وہابیہ، دیابنہ کے ساتھ موالات اور ہر قسم کے تعلقات حرام ہیں ان کے ساتھ میل جول رکھنے سے جتنا ایمان وایقان کے لیے نقصان ہے کسی اور کافر سے نہیں اس لیے کہ ہندو اگر میل جول سے غلط فائدہ اٹھا کر اپنے دھرم میں لے جانے کی کوشش کرے گا تو مسلمان اس کے عزم وارادہ سے واقف ہو جائے گا اور اپنے ایمان کی حفاظت وصیانت کر لے گا مگر ایمان کے یہ شکاری اسلامی لباس میں ہو کر اور نماز وروزہ کی پابندی کر کے آہستہ آہستہ اس طرح ایمانی روح نکالیں گے کہ احساس بھی نہ ہو سکے گا یہی وجہ ہے کہ ان سے تعلقات رکھنے والا چند ہی ایام میں ان کا پکا حامی اور اس کا سینہ عداوت خدا ورسول سے بھر جاتا ہے۔

☆ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ایسے بدمذہبوں سے ملنے جلنے کو سختی کے ساتھ منع فرمایا۔

Scanned by CamScanner

ارشاد ہے۔

وَإِمَّا يُنسِيَنَّكَ الشَّيْطَانُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرَىٰ مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۔ (سورہ انعام ۶/۶۸)

اگر شیطان بھلاوے میں ڈالدے تو یاد آنے کے بعد ظالموں کے ساتھ نہ بیٹھ۔ (کنز الایمان)

☆ اسی آیت کی تفسیر میں حضرت علامہ ملا جیون رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

إِنَّ الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ يَعُمُّ الْكَافِرِينَ وَالْمُبْتَدِعَ وَالْفَاسِقَ وَ الْمَعْقُودَ مَعَ كُلِّهِمْ مُمْتَنِعٌ ۔ (تفسیرات احمدیہ ص ۲۵۵)

کہ ظالم قوم کافر، بد مذہب، فاسق ہر ایک کو عام ہے اور ہر ایک کے ساتھ بیٹھنا ممنوع ہے۔

☆ نیز ارشاد ہے۔

وَلَا تَرْكَنُوا إِلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ (ہود ۱۱/۱۱۳)

اور ظالموں کی جانب نہ جھکو کہ آگ تمہیں پکڑے گی۔

☆ حضرت ابوامامہ فرماتے ہیں کہ سرکار اقدس ﷺ نے فرمایا۔

أَهْلُ الْبِدَعِ كِلَابُ أَهْلِ النَّارِ (فتاوی الحرمین ص ۳۱)

کہ بد مذہب لوگ جہنمیوں کے کتے ہیں۔

گویا ان سے ایسے ہی دور رہنا چاہئے جیسے کتوں سے دور رہا جاتا ہے کیونکہ یہ جہنمی کتے ہیں دنیاوی کتوں سے زیادہ قابل نفرت و توحش ہیں اس لیے کہ دنیاوی کتے جہنم میں نہیں رہیں گے اور یہ جہنمی کتے جہنم میں رہیں گے۔

☆ اسی لیے حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی علیہ رحمة الله الباری فرماتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

"در رنگ سگاں ایشاں را دور باید داشت پس اختلاط وموانست بایں دشمنان خدا ورسول از اعظم جنایات باشد۔

(مکتوبات امام ربانی دفتر اول ص ۱۷۲ مکتوب نمبر ۱۶۳)

کہ انہیں کتوں کی طرح دور رکھنا چاہیے۔ لہٰذا خدا اور رسول ﷺ کے دشمنوں سے میل جول بڑا گناہ ہے۔"

☆ رسول مقبول ﷺ فرماتے ہیں۔

"اِيَّاكُمْ وَ اِيَّاهُمْ لَا يُضِلُّونَكُمْ وَلَا يَفْتِنُونَكُمْ ۔ (مسلم شریف ج ا ص ۱۰)

ان سے دور رہو کہیں گمراہ نہ کردیں اور فتنے میں نہ ڈالدیں۔"

☆ ابن حبان عقیلی حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

"لَا تُجَالِسُوْهُمْ وَلَا تُشَارِبُوْهُمْ وَلَا تُؤَاكِلُوْهُم۔

(فتاوی رضویہ ج ۱۰ نصف اول ص ۷۹)

کہ ان کو اپنے پاس بٹھاؤ نہ انکے ساتھ کھاؤ پیو۔"

☆ اسی حدیث کی شرح میں ہے حضرت علامہ ملا علی قاری مکی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

اِذْ مَجَالِسَةُ الْاَغْيَارِ تَجُرُّ اِلٰى غَايَةِ الْبَوَارِ وَنِهَايَةِ الْخَسَار ۔

(فتاوی الحرمین بحوالہ مرقات شرح مشکوٰۃ)

اس لیے کہ غیروں کے ساتھ بیٹھنا تباہی اور خسارہ کا سبب ہے

☆ حضرت ابوقلابہ کے واسطے سے حضرت حسن بصری اور محمد بن سیرین رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان فرماتے ہیں۔

لَا تُجَالِسُوْا اَهْلَ الْاَهْوَاءِ (دارمی ۱/۱۰۸)

Scanned by CamScanner

بدمذہبوں کو اپنے ساتھ نہ بٹھاؤ۔

☆ اسی کی شرح میں حضرت امام بن حجر مکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں

"لِأَنَّا اُمِرْنَا بِمُهَاجَرَةِ أَهْلِ الْبِدَعِ۔ (مرقات شرح مشکوٰۃ ج۱/۱۵۵)

اس لیے کہ ہمیں بدمذہبوں سے ترک تعلق کا حکم ہوا ہے۔"

☆ حاشیہ مشکوٰۃ شریف میں ہے۔

أَمَّامَاكَانَ (الهِجْرَانُ) مِنْ جِهَةِ الدِّيْنِ وَالْمَذْهَبِ فَهِجْرَانُ أَهْلِ الْبِدَعِ وَالْأَهْوَاءِ وَاجِبٌ إِلىٰ وَقْتِ ظُهُورِ التَّوْبَةِ۔

(حاشیہ مشکوٰۃ ص ۴۲۷ حاشیہ نمبر ۷)

☆ شیخ المالکیہ حضرت علامہ سید احمد جزائری علیہ الرحمۃ والرضوان فرماتے ہیں۔

فَلْيَحْذَرِ الْعَوَامُ مِنْ مُخَالَطَتِهِمْ بِالْكُلِّيَّةِ فَإِنَّهَاوَاللّٰهِ أَشَدُّ مِنْ مُخَالَطَةِ الْمَجْذُوْمِ فِى الْأَذِيَّةِ۔

(حسام الحرمین تقریظ نمبر ۲۳ ص ۱۹۲ مطبوعہ نظامی پریس بدایوں)

کہ عوام پر فرض ہے کہ انکے میل جول سے بچیں خدا کی قسم ان سے میل جول کوڑھی کے میل جول سے زیادہ اذیت ناک ہے

☆ بدرالعلما حضرت علامہ مفتی بدر الدین صاحب قبلہ علیہ الرحمۃ والرضوان فرماتے ہیں۔

"وہابی دیوبندی ضروریات دین کے منکر اور بارگاہ احدیت وسرکار رسالت کے اشد ترین گستاخ ہیں اور بحکم شریعت اسلامیہ بددین ظالم اور کافر و مرتد ہیں قرآن وحدیث کے ارشادات کے مطابق بددینوں کے ساتھ نشست و برخاست اور دیگر اسلامی تعلقات قائم رکھنا سخت حرام ہے"۔

(فتاوی فیض الرسول ج ۲ ص ۵۳۷)

Scanned by CamScanner

☆ مجدد اعظم اعلیحضرت امام احمد رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

"رافضی وغیرہ بدمذہبوں میں جس کی بدعت حد کفر تک پہنچی ہوتو وہ مرتد ہے اسکے ساتھ معاملہ مسلمان بلکہ کافر ذمی کے مانند بھی برتنا جائز نہیں مسلمانوں پر لازم ہے کہ اٹھنے بیٹھنے کھانے پینے وغیرہا تمام معاملات میں اسے بعینہ مثل سوئر کے سمجھیں کہ بدمذہب کی محبت آگ ہے اور صحبت ناگ اور دونوں کو دین سے پوری لاگ (دشمنی) جاہل کو انکی صحبت سے یوں اجتناب ضرور ہے کہ اس پر اثر بد کا زیادہ اندیشہ ہے اور عالم مقتدایوں بچے کہ جہال (انپڑھ) اسے دیکھ کر خود بھی اس بلا میں نہ پڑیں بلکہ عجب نہیں کہ اسے ملتا دیکھ کر انکے مذہب کی شناعت ان کی نظروں میں ہلکی ہو جائے"

(فتاوی رضویہ ج ۱۰ ص ۹۷ نصف اول)

☆ شہزادۂ امام احمد رضا مفتی اعظم ہند حضرت علامہ مصطفے رضا خاں علیہ الرحمۃ رقم طراز ہیں۔

"فرق باطلہ کے ساتھ مجالست ناجائز وحرام ہے جو بر بنائے محبت وموالات ہو نیز وہ جو بے ضرورت وحاجت ومصلحت شرعیہ ہو" (فتاوی مصطفویہ ۱۸۰/۳)

☆ فقیہ اعظم صدر الشریعہ علامہ امجد علی علیہ الرحمۃ والرضوان فرماتے ہیں

"بدمذہب کی صحبت سم قاتل ہے" (فتاوی امجدیہ ۹۷/۴)

مسلمانو!! احادیث رسول وآیات قرآن واقوال سلف سے نصیحت حاصل کرو اور وہابیوں بدمذہبوں سے اپنے دینی ودنیاوی مراسم چھوڑ دو ہرگز ہرگز نہ رکھو کہ خدا اور رسول کی محبت اور دشمنوں سے دشمنی رکھنا ہی ایمان اور مدار نجات ہے۔

میل جول کا انجام:

اگر آپ میل جول برقرار رکھیں گے تو یاد رکھیں کہ آخرت کا عذاب بڑا بھیانک

Scanned by CamScanner

اور ہولناک ہے۔

☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سرکار اقدس ﷺ نے فرمایا۔

لَمَّاوَقَعَتْ بَنُوإِسْرَائِيْلَ فِیْ الْمَعَاصِیْ نَهَتْهُمْ عُلَمَائُهُمْ فَلَمْ يَنْتَهُوْا فَجَالَسُوْهُمْ فِیْ مَجَالِسِهِمْ وَاٰكَلُوْهُمْ وَشَارَبُوْهُمْ فَضَرَبَ اللّٰهُ قُلُوْبَ بَعْضِهِمْ عَلٰی بَعْضٍ وَلَعَنَهُمْ۔

(سنن ترمذی ج ۲ ص ۱۳۰ کتاب تفسیر القرآن و مشکوٰۃ ص ۴۳۸)

جب بنی اسرائیل خدا کی نافرمانی کرنے لگے تو علما نے انہیں برائی سے روکا مگر باز نہ آئے تو علما نے انکے ساتھ نشست و برخاست برقرار رکھا اور انکے ساتھ کھایا پیا اس لیے اللہ نے ان میں ایک کا دل دوسرے پر مار دیا اور ان پر لعنت فرمائی۔

☆ حضرت ابن الملک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں۔

أَیْ سَوَّدَ اللّٰهُ قَلْبَ مَنْ لَمْ يَعْصِ بِشُئُوْمِ مَنْ عَصٰی فَصَارَتْ قُلُوْبُ جَمِيْعِهِمْ قَاسِيَةً بَعِيْدَةً عَنْ قَبُوْلِ الْحَقِّ وَالْخَيْرِ وَالرَّحْمَةِ بِسَبَبِ الْمَعَاصِیْ وَمُخَالَطَةِ بَعْضِهِمْ بَعْضاً۔

(حاشیہ مشکوٰۃ ص ۴۳۸)

یعنی اللہ تعالیٰ نے نافرمانوں کی نحوست سے فرماں برداروں کا دل سیاہ کر دیا اس طرح سب کے دل سخت اور قبول سے منکر نیز گناہوں اور آپس میں میل جول کے سبب خیر و رحمت سے محروم ہو گئے۔

☆ نیز حدیث بالا کے حاشیہ میں ہے۔

حَتّٰی تَمْنَعُوْا أَمْثَالَهُمْ وَإِنْ لَمْ تَنْهَوْا مِنْ أَفْعَالِهِمْ فَتَمْتَنِعُوْا عَنْ

Scanned by CamScanner

مُوا صَلَتِهِمْ وَمُوَاكَلَتِهِمْ وَمُجَالَسَتِهِمْ۔ (حاشیہ مشکوٰۃ ص ۴۳۸ مرقات)
کہ ان جیسے نافرمانوں کو روکو اگر اپنے افعال سے باز نہ آئیں تو تم ان کے ساتھ میل جول گفت وشنید کھانے پینے اٹھنے بیٹھنے سے باز آجاؤ۔

☆ حضرت علامہ ملا سنان علیہ الرحمۃ والرضوان فرماتے ہیں۔

أَوحیٰ اللّٰہُ تَعَالیٰ إلیٰ یُوشَعَ بْنِ نُونٍ أَنّی مُهْلِكٌ مِنْ قَرْیَتِكَ أَرْبَعِیْنَ أَلْفاًمِنْ خِیَارِهِمْ وَسِتِّیْنَ أَلْفاً مِنْ شَرَارِهِمْ فَقَالَ یَارَبِّ هٰؤلَاءِ الْأَشْرَارُ فَمَابَالُ الْأَخْیَارِ فَقَالَ إِنَّهُمْ لَمْ یَغْضَبُوا بِغَضَبِیْ وَاٰکَلُوْهُمْ وَشَارَبُوْهُمْ۔

(فتاوی الحرمین ص ۱۸۷ رضا اکیڈمی ممبئی بحوالہ تبیین المحارم)

کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت یوشع بن نون کے پاس وحی کی کہ میں تیری بستی سے چالیس ہزار نیکوں اور ساٹھ ہزار بروں کو ہلاک کرنے والا ہوں تو حضرت یوشع بن نون نے عرض کیا'' یا اللہ ان بروں کے ساتھ نیکوں کا کیا جرم ہے؟ ارشاد فرمایا کہ یہ میرے غضب کے سبب غضب ناک نہ ہوئے بلکہ انکے ساتھ کھاتے پیتے رہے۔

☆ اسی طرح ابن ابوالدنیا اور ابوشیخ ابراہیم بن عمرو صنعانی سے مروی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

عُذِّبَ أَهْلُ الْقَرْیَةِ فِیْهَا ثَمَانِیَةَ عَشَرَأَلْفاً عَمَلُهُم عَمَلَ الْأَنْبِیَاءِ قَالُوْایَارَسُولَ اللّٰہِ کَیْفَ قَالَ لَمْ یَکُوْنُوْا یَغْضَبُوْنَ لِلّٰہِ وَلَا یَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَایَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ۔

(فتاوی حرمین ص ۱۸۷ رضا اکیڈمی ممبئی)

کہ بستی کے اٹھارہ ہزار ایسے افراد عذاب میں گرفتار ہوئے جو انبیا کا سا عمل

Scanned by CamScanner

رکھتے تھے صحابہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول ایسا کیوں؟ جواب دیا کہ وہ اللہ کے لیے دشمنی نہیں کرتے تھے نہ بھلائی کا حکم دیتے نہ برائی سے روکتے تھے۔

☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

قِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ أَتُهْلَكُ الْقَرْيَةُ وَفِيْهَا الصّٰلِحُوْنَ قَالَ نَعَمْ قِيْلَ بِمَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ بِتَهَاوُنِهِمْ وَسُكُوْتِهِمْ ۔(طبرانی)

کہ رسول مقبول ﷺ سے سوال کیا گیا کہ بستی میں کچھ نیک لوگ ہوں تب بھی ہلاک کردی جاتی ہے؟ ارشاد فرمایا ہاں! عرض کیا گیا کیوں؟ ارشاد فرمایا ان کی سستی اور خاموشی کے سبب (بروں سے قطع تعلق نہ کرنے میل جول کے سبب)

☆ حضرت امام جلال الدین سیوطی علیہ رحمۃ اللہ الباری شرح الصدور میں تحریر فرماتے ہیں کہ ایک شخص رافضیوں کے پاس بیٹھا کرتا تھا اس کے مرتے وقت لوگوں نے کلمۂ طیبہ کی تلقین کی اس نے کہا ”نہیں کہا جاتا، پوچھا کیوں؟ کہا،“ یہ دو شخص کھڑے ہیں، یہ کہتے ہیں، تو انکے پاس بیٹھا کرتا تھا جو ابوبکر و عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کو برا کہتے تھے اب چاہتا ہے کہ کلمہ پڑھ کر اٹھے، نہیں پڑھنے دیں گے“

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قدس سرہ اس واقعہ کو نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ جب صدیق اکبر اور فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو برا کہنے والوں کے پاس بیٹھنے والوں کی یہ حالت ہے تو جو لوگ اللہ جل وعلا اور رسول اللہ ﷺ کو برا کہتے ہیں ان کی تنقیص شان کرتے ہیں انہیں طرح طرح کے عیب لگاتے ہیں ان کے پاس بیٹھنے والوں کو کلمہ نصیب ہونا اور دشوار ہے۔ (فتاوی رضویہ جلد ۱۰ ص ۱۱۱۳ نصف آخر)

ذکر کردہ حدیث و عبارت سے معلوم ہوا کہ رب ذوالجلال اور نبی صاحب جود و

Scanned by CamScanner

کمال علیہ صلی اللہ کی محبت و اطاعت جس طرح لازم وضروری ہے یونہی اعدائے خدا ورسول سے نفرت وعداوت بھی واجب وناگزیر ہے۔

بدمذہبوں سے برتاؤ:

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ سرکار اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

إِذَارَأَيْتُمْ صَاحِبَ بِدْعَةٍفَاكْفَهِرُّوْافِي وَجْهِهٖ فَإِنَّ اللّٰهَ يَبْغُضُ كُلَّ مُبْتَدِعٍ وَلَايَجُوْزُ أَحَدٌ مِنْهُمْ عَلَى الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ لٰكِنْ يَتَهَافَتُوْنَ فِي النَّارِ مِثْلَ الْجَرَادِوَالذُّبَابِ۔

(فتاوی حرمین ص ۱۹ مطبوعہ حامدیہ لاہور)

کہ جب کسی بدمذہب کو دیکھو تو چہرہ پھیر لو اس لیے کہ اللہ تعالیٰ ہر بدمذہب سے دشمنی رکھتا ہے ان میں کوئی بھی راہ راست پر نہیں ہوسکتا وہ جہنم میں ٹڈی اور مکھیوں کی طرح گریں گے۔

☆ اللہ کے برگزیدہ معروف ومقبول بزرگ حضرت علامہ فضیل احمد بن عیاض رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

إِذَا رَأَيْتَ مُبْتَدِعاًفِي الطَّرِيْقِ فَخُذْ طَرِيْقاً آخَرَ۔

(فتاوی الحرمین ص ۲۲ مطبوعہ حامدیہ لاہور)

کہ جب راستے میں کسی بدمذہب کو دیکھو تو دوسرا راستہ پکڑلو۔

☆ حضرت علامہ عبدالقادر توفیق شبلی طرابلسی سابق مدرس مسجد نبوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

فَيَلْزِمُ التَّحْذِيْرُمِنْهُمْ وَالتَّنْفِيْرُ عَنْهُمْ عَلَى الْمَنَابِرِوَ فِي الرَّسَائِلِ وَالْمَجَالِسِ وَالْمَحَافِلِ حَسْماًلِمَادَّةِشَرِّهِمْ

Scanned by CamScanner

وَقَطعَاَلجُرثُومَةِ كُفرِهِمْ خَشيَةً مِنْ أنْ تَسرِيَ رُوحُ الضَّلَالَةِ فِي العَالَم ۔

(تقریظ علی حسام الحرمین نمبر ۳۵ ص ۲۳۷ نظامی پریس بدایوں)

کہ ان سے لوگوں کو ڈرانا منبروں پر ان سے نفرت دلانا ضروری اور ہر رسالے مجلس و محفل میں تنفر بنانا واجب تا کہ انکے شر کا مادہ ختم ہو جائے اور انکے کفر کی جڑ کٹ جائے اس خدشہ سے کہ کہیں گمرہی کی روح پوری دنیا میں سرایت نہ کر جائے۔

☆ حضرت علامہ شیخ محمد صالح بن کمال مفتی حنفیہ مکہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

یَجِبُ عَلٰی کُلِّ مُسلِمٍ اَلتَّحذِیرُمِنهُمْ وَالتَّنفِیرُ عَنهُمْ وَذَمّ طَرِیقَتِهِمُ الْفَاسِدَةِ وَآرَائِهِمُ الْكَاسِدَةِ وَإِهَانَتِهِمْ بِكُلِّ مَجلِسٍ وَاجِبَةٌ وَهَتكُ السَّترِ عَنهُمْ مِنَ الْأُمُورِ الصَّائِبَةِ ۔

(حسام الحرمین ص ۱۲۲ نظامی پریس بدایوں)

کہ ہر مسلمان پر واجب ہے کہ ان وہابیوں دیوبندیوں سے لوگوں کو ڈرائے اور ان سے نفرت دلائے اور ان کے فاسد طریقے اور باطل خیالات کی مذمت کرے نیز ہر مجلس میں ان کی توہین و تذلیل واجب ہے اور ان کی پردہ دری اچھا کام ہے۔"

☆ شرح مقاصد میں ہے۔

"إنَّ حُكمَ مُبتَدِعٍ اَلْبُغضُ وَالْإِهَانَةُ وَالرَّدُّ والطَّردُ ۔

(فتاوی الحرمین ص ۱۵ مطبوعہ حامدیہ لاہور)

بے شک بدمذہب کا حکم یہ ہے کہ اس سے بغض و دشمنی رکھی جائے اور اس کی توہین کی جائے اسے واپس کیا جائے دھتکارا جائے۔"

Scanned by CamScanner

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول گرامی ﷺ فرماتے ہیں۔

مَنْ أَعْرَضَ عَنْ صَاحِبِ بِدْعَةٍ بُغْضًا لَهُ مَلأَ اللّٰهُ قَلْبَهُ أَمْناً وَإِيْمَاناً وَمَنِ انْتَهَرَ صَاحِبَ بِدْعَةٍ اٰمَنَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى يَوْمَ الْفَزْعِ الْأَكْبَرِ وَمَنْ أَهَانَ رَفَعَهُ اللّٰهُ فِي الْجَنَّةِ مِأَةَ دَرَجَةٍ وَمَنْ سَلَّمَ عَلٰى صَاحِبِ بِدْعَةٍ أَوْ لَقِيَهُ بِالْبُشْرٰى أَوْاِسْتَقْبَلَهُ بِمَا يَسُرُّ فَقَدْ إِسْتَخْلَفَ بِمَا أُنْزِلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ۔

(فتاوی الحرمین ص ۶۸ حامدیہ لاہور)

کہ جو کسی بد مذہب سے دشمنی میں منہ موڑ لے اللہ اس کا دل امن وایمان سے بھر دے گا اور جو کسی بد مذہب کو جھڑکی دے اللہ اس کو قیامت کے روز بے خوف رکھے گا اور جو کسی بد مذہب کی اہانت کرے اللہ جنت میں اس کو سو درجے بلند فرمائے گا اور جو کسی بد مذہب کو سلام کرے یا خوشی سے ملے یا فرحت بخش لہجے میں استقبال کرے تو اس نے محمد رسول اللہ ﷺ پر اترے کلام کے ساتھ استخفاف شان کیا۔

ممکن ہے کہ شیطان دل میں وسوسہ ڈالے کہ بد مذہبوں کے ساتھ ایسا برتاؤ حسن اخلاق کے خلاف ہے بلکہ کھلی بد خلقی ہے جو اسلام میں جائز نہیں تو واضح رہے کہ ایسا برتاؤ مومنوں کے ساتھ یقیناً بد خلقی ہے مگر کافر و مشرک مرتد خدا اور رسول کے دشمن ہیں اور دشمن کے ساتھ ایسا کرنا ہی حسن اخلاق ہے یہی وجہ ہے کہ احادیث میں اسکا حکم ہے۔

بد مذہبوں سے سلام کلام:

سرکار اقدس ﷺ نے سلام کرنے سلام کا رواج عام کرنے کا حکم دیا ہے اور سلام کو آپس میں محبت وودادمؤدت واتحاد پیدا ہونے کا ذریعہ بتایا ہے۔ ساتھ ہی یہود ونصاریٰ، کفار ومشرکین سے سلام کرنے سے بشدت منع فرمایا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے۔

Scanned by CamScanner

لَاتَبْتَدِؤُا الْیَهُوْدَ وَالنَّصَارٰی بِالسَّلَامِ

کہ یہودیوں، نصرانیوں کو سلام نہ کرو!

نیز ارشاد رسول ہے۔

وَلَا تُفَاتِحُوْهُمْ وَقِیْلَ لَا تَبْتَدِؤُهُمْ بِالسَّلَامِ أَوِ الْكَلَامِ

اور انہیں سلام نہ کرو۔ (فتاوی الحرمین ص ۶۷)

اور وہابی دیوبندی، یہود ونصاری سے بدرجہا بدتر ہیں لہٰذا وہ بھی اس حکم ممانعت میں داخل رہیں گے جیسا کہ فقیہ عصر حضرت علامہ مفتی محمد شریف الحق امجدی رحمۃ اللہ علیہ حدیث مذکور کی شرح میں فرماتے ہیں۔

''یہود ونصاری کے حکم میں تمام غیر مسلم اور وہ بدمذہب جن کی بدمذہبی حد کفر کو پہنچی ہو داخل ہیں مثلاً قادیانی، رافضی، وہابی، دیوبندی وغیرہ۔'' (نزہۃ القاری اول)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔

لَاتُجَالِسُوْا أَهْلَ الْقَدَرِ وَلَاتُفَاتِحُوْهُمْ۔ (مشکوٰۃ شریف ص ۲۲)

کہ قدریوں (ایک بدمذہب فرقہ) کے پاس نہ بیٹھو نہ ان سے سلام کرو

☆ حضرت ملا علی قاری علیہ رحمۃ اللہ الباری شرح مشکوٰۃ میں رقم طراز ہیں

لَاتَبْتَدِؤُهُمْ بِالسَّلَامِ أَوْبِالْكَلَامِ۔ (فتاوی الحرمین ص ۶۷)

کہ ان سے سلام وکلام نہ کرو

حضرت نافع سے مروی۔ ان رجلا اتی ابن عمر فقال ان فلانا یقرأ علیک السلام فقال انه بلغنی انه قد احدث فان کان قد احدث فلا تقرء ه منی السلام (مشکوٰۃ شریف ص ۲۳ باب الایمان بالقدر فصل ثالث)

ایک شخص حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی خدمت میں آیا اور عرض کیا کہ فلاں نے

Scanned by CamScanner

آپ کو سلام کہا ہے، آپ نے فرمایا میں نے سنا وہ بد مذہب قدری ہوگیا ہے اگر یہ صحیح ہے تو اسے ہرگز میرا اسلام نہ کہنا۔

اسی کے تحت مرقات میں ہے۔

وَالْاَظْهَرُ اَنَّ مُرَادَهٗ أَنْ لَاتُبَلِّغَهٗ مِنِّی السَّلَامَ اَوْ رَدَّهٗ فَإِنَّهٗ بِبِدْعَتِهٖ لَا يَسْتَحِقُّ جَوَابَ السَّلَامِ وَلَوْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الاسلامِ قَالَ ابْنُ حَجَرٍ لَاتُقْرِئْهُ مِنِّی السَّلَامَ لِاَنَّا اُمِرْنَا بِمُهَاجِرَةِ اَهْلِ الْبِدْعِ وَمِنْ ثَمَّ قَالَ الْعُلَمَاءُ لَايَجِبُ رَدُّ سَلَامِ الْفَاسِقِ وَالْمُبْتَدِعِ بَلْ لَايُسَنُّ زَجْراً لَّهُمَا (مرقات شرح مشکوٰۃ ۱/۱۵۵)

کہ بد مذہبی کے باعث وہ جواب سلام کا مستحق نہیں اگرچہ مسلمان ہو۔ابن حجر نے فرمایا اسے میرا اسلام نہ کہنا کیوں کہ بد مذہبوں سے علاحدگی اختیار کرنے کا ہمیں حکم ہے اسی لیے علما نے فرمایا کہ بد مذہب اور فاسق کے سلام کا جواب نہ دیا جائے بلکہ یہ مسنون بھی نہیں۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی کہ شفیع اعظم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بد مذہبوں سے تعلقات اور انہیں سلام کرنے سے روکتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں۔

وَإِنْ لَقِيْتُمُوْهُمْ فَلَاتُسَلِّمُوْا عَلَيْهِمْ (ابن ماجہ شریف)

اور اگر ان (بد مذہبوں) سے ملاقات ہو جائے تو انہیں سلام نہ کرو۔

بد مذہب مرتد سلام کرے تو جواب دیا جائے یا نہ؟ تو مرقات کی عبارت مذکورہ بالا سے صاف روشن ہے کہ ان کے سلام کا جواب بھی نہ دیا جائے۔

غنیۃ الطالبین میں ہے۔

لَايُكَاثِرُ أَهْلَ الْبِدَعِ وَلَايُدَانِيهِمْ وَلَايُسَلِّمُ عَلَيْهِمْ لِأَنَّ إِمَامَنَا أَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلٍ قَالَ مَنْ سَلَّمَ عَلٰى صَاحِبِ بِدْعَةٍ فَقَدْ أَحَبَّهٗ لِقَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم

Scanned by CamScanner

أَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ تَحَابُّوا۔ (فتاوی الحرمین ص ۲۱)

بدمذہبوں کی کثرت پر فخر نہ کیا جائے ان سے قرب نہ رکھا جائے انھیں سلام نہ کیا جائے اس لیے کہ ہمارے امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا کہ جس نے کسی بدمذہب کو سلام کیا تو اس نے اس سے محبت کی اس لیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، آپس میں سلام پھیلاؤ کہ اس سے آپس میں محبت ہوگی۔

☆ حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی علیہ رحمۃ اللہ الھادی فرماتے ہیں۔

''کسے کہ اہل کفر را عزیز داشت اہل اسلام را خوار ساخت۔

(دفتر اول مکتوب ۱۶۳ ص ۲۷۰)

جس نے کافر کو عزیز رکھا اس نے مسلمان کو رسوا کیا۔''

پھر چند سطور کے بعد عزیز داشت سے مراد بتاتے ہوئے رقم طراز ہیں

''در مجالس خود جا دادن و با ایشاں مصاحبت نمودن و ہم زبانی کردن بایں شاں داخل اعزاز است''۔ (دفتر اول مکتوب ۱۶۳ ص ۲۷۱)

کہ اپنی نشست گاہوں میں انھیں جگہ دینا اور ان کے ساتھ اٹھنا اور بیٹھنا اور ان سے گفتگو اور کلام داخل اعزاز ہے۔''

معلوم ہوا کہ ان بدمذہبوں سے سلام و کلام سے اجتناب تام کرنا چاہئے کیونکہ امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالی عنہ کے بقول ان سے سلام و کلام ان سے محبت کے مترادف ہے اور ان سے محبت و دوستی کرنے والوں کے اعمال حبط و بے کار ہو جاتے ہیں، دل سے نور ایمان نکل جاتا ہے اور حضور مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے بقول سلام و کلام اور اپنی مجلسوں میں بٹھانا ان کا اعزاز و اکرام ہے اور ان کا اعزاز اہل اسلام کو ذلیل کرنے اور اسلام کی پختہ عمارت کو تباہ و مسمار کرنے کے برابر ہے۔

Scanned by CamScanner

تعظیم وتوقیر:

حضرت ابراہیم بن میسرہ فرماتے ہیں کہ حضور سرورکائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ وَقَّرَ صَاحِبَ بِدْعَةٍ فَقَدْ أَعَانَ عَلٰى هَدْمِ الْإِسْلَامِ۔

(مشکوٰۃ شریف ص ۳۱)

کہ جس نے بدمذہب کی تعظیم کی اس نے اسلام کوڈھانے پر مدد دی۔

☆ حضرت علامہ مُلا سنان علیہ الرحمہ امام غزالی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کتاب الجام العوام سے نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

مَنْ مَشٰى إِلٰى صَاحِبِ بِدْعَةٍ لِيُوَقِّرَهُ فَقَدْ أَعَانَهُ عَلٰى هَدْمِ الْإِسْلَامِ... (فتاوی الحرمین ص ۴۷)

جوکسی بدمذہب کی تعظیم کی غرض سے چلا اس نے اسلام کوڈھانے کی مدد کی

☆ محقق علی الاطلاق حضرت علامہ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ والرضوان اس سوال "بدمذہب کی تعظیم اسلام کوڈھانے کی مدد کیسے ہے" کے جواب میں لکھتے ہیں۔

"درتوقیروے استخفاف واستہانت سنت ست وایں می کشد بویران کردن بنائے اسلام۔" (اشعۃ اللمعات ج ا ص ۱۴۷)

کہ انکی تعظیم میں سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تحقیر واہانت ہے اور یہ عمارت اسلام کوویران کرنیکا باعث ہے۔

☆ حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

"اسلام وکفر ضد یک دیگر انداثبات یکے موجب رفع دیگر است احتمال جمع شدن ایں دوضد محال است وعزت دادن یکے رامستلزم خواری دیگر است حق سبحانہ تعالی حبیب خودرا علیہ الصلوٰۃ والتحیۃ می فرماید يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ

Scanned by CamScanner

جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ۔ (توبہ۹/۷۳)
پس عزتِ اسلام در خواری کفر و اہل کفر است کسے کہ کفر را عزیز داشت اہل اسلام را خوار ساخت۔" (دفتر اول مکتوب نمبر۱۶۳ص ۲۷۰)

اسلام و کفر ایک دوسرے کی ضد ہیں ان میں ایک کو ثابت کرنا دوسرے کو ختم کرنا ہے اور دونوں ضدوں کا جمع ہونا محال ہے اور ایک کو عزت دینا دوسرے کی رسوائی ہے اللہ تعالی اپنے حبیب ﷺ کو حکم دیتا ہے کہ اے نبی کافروں منافقوں سے جہاد کرو اوران پر سختی کرو لہذا اسلام کی عزت کفر و کافر کی رسوائی میں ہے جس نے کافر کو عزیز رکھا اس نے مسلمان کو ذلیل و رسوا کیا۔

الفت و محبت:

عام طور پر محبت دو طرح سے ہوتی ہے۔

(۱) **محبت ظاہری**:۔ محبت ظاہری کا یہ معنی کہ کسی کافر سے اسلام لانے سے قبل کی رشتہ داری، معاملات و جوار کی بنیاد پر محبت ہو مگر دل میں دین اور عقیدے کے اعتبار سے نفرت و بیزاری ہو۔

(۲) **محبت قلبی**:۔ اسکا یہ معنی ہے کہ کافر سے دلی محبت رکھی جائے اور اعتقاد و دین میں اس سے کچھ بھی بیزاری اور نفرت نہ ہو۔

کفار و مشرکین سے محبت ظاہری حرام ہے۔

☆ مجدد اعظم فقیہ عالم امام احمد رضا رضی اللہ تعالی عنہ فتاوی رضویہ میں رقم طراز ہیں۔

"حَاشَ للہ کسی قسم سے محبت کرنے کا اسلام نے حکم نہ دیا باپ بیٹے بھائی کافر ہوں توان سے بھی محبت کو صریح حرام فرمادیا"۔ (فتاوی رضویہ ج ۲ ص ۱۳)

Scanned by CamScanner

☆ شہزادہ اعلیحضرت حضور مفتی اعظم ہند علامہ مصطفیٰ رضا خان علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

"ان سے اظہار محبت بے ضرورت و مصلحت شرعی حرام ہے۔"

(فتاوی مصطفویہ ج ۳ ص ۱۸۱)

☆ صدر الافاضل علامہ نعیم الدین مرادآبادی علیہ رحمۃ اللہ الهادی "خزائن العرفان فی تفسیر القرآن" میں تحریر فرماتے ہیں۔

"کفار سے دوستی و محبت ممنوع وحرام ہے انہیں راز دار بنانا ان سے موالات کرنا ناجائز ہے"۔ (خزائن العرفان ص ۷۸)

محبت قلبی کفر وارتداد ہے

ارشاد الٰہی ہے۔

يَاأَيُّهَاالَّذِينَ آمَنُوْالَاتَتَّخِذُوْاآبَائَكُمْ وَإِخْوَانَكُمْ أَوْلِيَاءَ إِنِ اسْتَحَبُّوْالْكُفْرَعَلٰى الْإِيْمَانِ وَمَنْ يَتَوَلَّهُمْ مِنْكُمْ فَأُوْلٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُوْنَ۔ (توبہ ۹/۲۳)

اے ایمان والو اپنے باپ اور بھائیوں کو دوست نہ سمجھو اگر وہ ایمان پر کفر پسند کریں اور تم میں جو کوئی ان سے دوستی کریگا تو وہی ظالم ہیں۔

(کنز الایمان)

ارشاد رسول ہے۔

مَنْ أَحَبَّ قَوْماً حَشَرَهُ اللّٰهُ مَعَهُم۔ (جامع صغیر ج ۶ ص ۵۵۳)

کہ ہر قوم کے دوستوں اور محبت کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ اسی کے ساتھ اٹھائے گا (طبرانی فی الکبیر)

حضرت عائشہ صدیقہ فرماتی ہیں کہ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

ثَلٰثٌ أَحْلِفُ عَلَيْهِنَّ وَعَدٌ مِنْهَا لَايُحِبُّ رَجُلٌ قَوْمًا إِلَّا جَعَلَهُ

Scanned by CamScanner

اللّٰہُ مَعَہُمْ۔ (فتاوی رضویہ ج ۱۰ انصف اول ص ۱۳)

کہ میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ جو شخص کسی قوم سے محبت کرے گا اللہ تعالیٰ اسے اسی کا ساتھی بنائے گا۔

ابوھریرہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں۔

''المرء مع من احب'' (فتاوی رضویہ ج ۱۰ انصف اول ص ۱۳)

آدمی اسی کے ساتھ ہوگا (حشر میں) جس سے محبت رکھتا تھا۔

☆ اعظم الفقہا افضل الفضلا مجدد اعظم اعلی حضرت امام احمد رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فتاوی رضویہ میں فرماتے ہیں۔

''مشرکوں سے اتحاد و وداد قطعی حرام اور ان سے اخلاص دلی یقیناً کفر ہے۔

(فتاوی رضویہ ج ۶ ص ۹)

نیز اسی میں فرماتے ہیں۔

''اور دلی محبت و اخلاص اور اتحاد کرنے والوں کو تو جا بجا صاف ارشاد و اعلام فرما دیا کہ وہ انہیں کافروں میں سے ہیں انہیں اللہ اور قیامت پر ایمان نہیں انہیں اللہ و رسول و قرآن پر ایمان نہیں'' (فتاوی رضویہ ج ۶ ص ۱۳)

پھر فیصلہ فرماتے ہوئے لکھتے ہیں۔

''بالجملہ وہ کسی طرح مسلمان نہیں'' (فتاوی رضویہ ج ۶ ص ۱۳)

اور اسی میں وہابیوں، نیچریوں، قادیانیوں، غیر مقلدوں و چکڑالویوں سے محبت رکھنے کے بارے میں فرماتے ہیں''

''جو ان کے (کفری) اقوال پر مطلع ہو کر ان سے محبت رکھے وہ انہیں کی طرح کافر ہے۔ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَمَنْ یَتَوَلَّهُمْ مِنْکُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ مَنْ اَحَبَّ قَوْماً حَشَرَہُ اللّٰہُ

Scanned by CamScanner

مَعَہُم۔ (جامع صغیر ج٦ ص٥٥٣)

جو کسی قوم سے محبت رکھے گا اللہ تعالیٰ اسی قوم کے ساتھ اس کا حشر کرے گا اور فرماتے ہیں۔ مَنْ هَوَى الْكَفَرَةَ فَهُوَ مَعَهُمْ۔ جو کافروں کے ساتھ محبت رکھے گا وہ انہیں کے ساتھ ہوگا۔" (فتاوی رضویہ ج٦ ص١٣)

☆ مفتی اعظم ہند شہزادہ اعلی حضرت علامہ مصطفیٰ رضا خان علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

"کسی کافر سے دلی محبت و موالات جائز نہیں خصوصا مرتد سے"

پھر چند سطور کے بعد لکھتے ہیں۔

"کفار سے دلی محبت کرنے والا انہیں کے مثل ہے" (فتاوی مصطفویہ ج٣ ص١٨١)

☆ رئیس الاتقیا بدر العلما خلیفہ مفتی اعظم ہند علامہ بدرالدین احمد قادری علیہ الرحمۃ والرضوان فرماتے ہیں۔

"یہود و نصاریٰ کافران بد ہیں اور ان سے بدتر مشرکین ہیں اور ان سے بد ترین کلمہ گو منافقین و مرتدین ہیں اور ان سب سے بدتر بارگاہ رسالت علیہ التحیۃ والثنا کے گستاخ اور باغی وہابی اور دیوبندی ہیں تو جب قرآن حکیم نے بعبارۃ النص فتوی دیا کہ یہود و نصاریٰ سے قلبی محبت و وداد کفر وارتداد ہے تو اسی قرآن مجید کا بدلالۃ النص یہ فتوی بھی ہے کہ وہابی دیوبندی سے دلی محبت اور قلبی موافقت شدید کفر وارتداد ہے، وللہ الحجۃ السامیۃ۔ (فتاوی فیض الرسول ج٢ ص٧١٧)

موالات و دوستی:

موالات کے اقسام: موالات کی دو قسمیں ہیں

(١) موالات حقیقی (٢) موالات صوری

موالات حقیقی کی پانچ قسمیں ہیں

Scanned by CamScanner

(۱)رکون (کسی پر اعتماد و بھروسہ کرنا یا کسی کی طرف مائل ہونا)

(۲)وداد (الفت ودوستی، انس، محبت)

(۳)اتحاد (باہمی موافقت، دوستی، اخلاص، میل جول)

(۴)انقیاد (اطاعت، اتباع، فرمابرداری)

(۵)تبتل (لوگوں سے الگ تھلگ ہوکر کسی ایک شخص کیساتھ ہوجانا)

موالات صوری کی بھی پانچ قسمیں ہیں

(۱)معاملہ (کاروبار، دھندہ، باہم مل کر کوئی کام کرنا)

(۲)مدارات (خاطر تواضع، کسی کے سامنے اچھی طرح پیش آنا)

(۳)اقساط (حسن سلوک، انصاف، احسان)

(۴)معاشرت (کسی کے ساتھ مل جل کر زندگی بسر کرنا

(۵)مداہنت (چرب زبانی، جھوٹ، جودل میں ہوا سکے خلاف ظاہر کرنا)

احکام:

وہابیوں، دیوبندیوں، ندویوں، مودودیوں، مرتدوں سے معاشرت، مدارات اوردینی معاملات تو کجا! ان کے ساتھ دنیوی معاملات مراسم وروابط رکھنا بھی ناجائز ہے۔

چنانچہ فتاوی رضویہ میں ہے۔

"اوران لوگوں (مرتدوں) سے کسی دنیاوی معاملت کی بھی اجازت نہیں"

(فتاوی رضویہ ج ۱۰ نصف آخر ص ۲۱۱)

فتاوی مصطفویہ میں ہے۔"مرتد سے کوئی معاملت جائز نہیں"

(فتاوی مصطفویہ ج ۳ ص ۱۴۶)

اور موالات حقیقی ہمیشہ ہر کافر سے حرام ہے۔

اسی موالات کی ممانعت پر قرآن کریم میں متعدد آیات وارد ہیں یعنی کفار

ومشرکین، اہل ارتداد ومنافقین کو دوست ناصر ومددگار نہ بنایا جائے ان سے کسی طرح دینی امور میں استعانت نہ کی جائے۔

آیات کریمہ: ارشاد ہے۔

☆ يَاأَيُّهَاالَّذِيْنَ اٰمَنُوالَاتَتَّخِذُوابِطَانَةً مِنْ دُوْنِكُمْ۔

(آل عمران ۳/ ۱۱۸)

اے ایمان والو! غیروں کو اپنا راز دار نہ بناؤ۔

☆ يَاأَيُّهَاالَّذِيْنَ آمَنُوالَاتَتَّخِذُوالْكَافِرِيْنَ أَوْلِيَاءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۔(نساء ۴/ ۱۴۴)

اے ایمان والو کافروں کو دوست نہ بناؤ مسلمانوں کے سوا۔ کنز الایمان

☆ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَاتَتَّخِذُوْا الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى أَوْلِيَاءَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ وَمَنْ يَتَوَلَّهُمْ مِنْكُمْ فَإِنَّهٗ مِنْهُمْ۔

(مائدہ ۵/ ۵۱)

اے ایمان والو! یہود ونصاریٰ کو دوست نہ بناؤ وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور تم میں جو کوئی ان سے دوستی رکھے گا تو وہ انہیں میں سے ہے۔

☆ يَاأَيُّهَاالَّذِيْنَ اٰمَنُوالَاتَتَّخِذُواعَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاءَ (ممتحنہ ۶۰/ ۱) اے ایمان والو! میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ۔

☆ لَاتَجِدُ قَوماً يُوْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَادُّوْنَ مَنْ حَادَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْااٰبَائَهُمْ أَوْأَبْنَائَهُمْ أَوْ إِخْوَانَهُمْ أَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ۔(مجادلہ ۵۸/ ۲۲)

تم نہ پاؤ گے ان لوگوں کو جو یقین رکھتے ہیں اللہ اور پچھلے دن پر کہ دوستی

Scanned by CamScanner

کریں ان سے جنھوں نے اللہ اور اس کے رسول سے مخالفت کی اگر چہ وہ ان کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا کنبے والے ہوں (کنز الایمان)

☆ يَاأَيُّهَاالَّذِيْنَ آمَنُوْالَاتَتَّخِذُوْاآبَائَكُمْ وَ إِخْوَانَكُمْ أَوْلِيَاءَ إِنِ اسْتَحَبُّوْاالْكُفْرَ عَلَى الْإِيْمَانِ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِنْكُمْ فَأُولٰئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ۔ (توبہ ۹/۲۳)

اے ایمان والو اپنے باپ اور اپنے بھائیوں کو دوست نہ سمجھو اگر وہ ایمان پر کفر پسند کریں اور تم میں جو کوئی ان سے دوستی کرے گا تو وہی ظالم ہیں۔ (کنز الایمان)

☆وَلَايَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكَافِرِيْنَ أَوْلِيَاءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِي شَيْءٍ إِلَّاأَنْ تَتَّقُوْامِنْهُمْ تُقٰةً۔ (آل عمران ۳/۲۸)

مسلمان کافروں کو اپنا دوست نہ بنالیں مسلمانوں کے سوا اور جو ایسا کریگا اسے اللہ سے کچھ علاقہ نہ رہا مگر یہ کہ تم ان سے کچھ ڈرو۔ (کنز الایمان)

حاشیہ جلالین شریف میں ہے۔

إِنَّ مَوَالَاةَ الْكُفَّارِ بِمَعْنَى الرُّكُوْنِ إِلَيْهِمْ وَالْمَعُوْنَةِ وَالْمُظَاهَرَةِ وَالنُّصْرَةِ إِمَّا بِسَبَبِ الْقَرَابَةِ أَوْ بِسَبَبِ الْمَحَبَّةِ مَعَ إِعْتِقَادِ أَنَّهٗ دِيْنَهٗ بَاطِلٌ فَهٰذَا لَايُوْجِبُ الْكُفْرَ إِلَّا أَنَّهٗ مَنْهِيٌّ عَنْهُ۔

(حاشیہ جلالین ص ۴۹ مطبوعہ رضا اکیڈمی ممبئی بحوالہ تفسیر کبیر وروح البیان)

کہ کافروں سے دوستی (انکی طرف جھکاؤ، مدد، ہمدردی اور نصرت کے معنی میں) قرابت یا محبت کی وجہ سے ہو یہ اعتقاد رکھتے ہوئے کہ ان کا دین باطل ہے تو اس طرح کی دوستی کفر تو نہیں البتہ ممنوع ضرور ہے۔

اور اگر یہ موالات اس طور پر ہو کہ کفار و مرتدین کے کفر وارتداد سے رضا مندی ہو تو صریح کفر ہے حاشیہ جلالین میں کفار سے موالات کی تین صورتیں ذکر کی ہیں۔ پہلی یہ ہے کہ

أَنْ يَكُوْنَ رَاضِيًا بِكُفْرِهٖ وَيَتَوَلَّاهُ لِأَجْلِهٖ وَهٰذَا مَمْنُوْعٌ مِنْه لِأَنَّ كُلَّ مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ كَانَ لَهٗ مُصَوِّباً لَهٗ فِي ذٰلِكَ الدِّيْنِ، وَتَصْوِيْبُ الْكُفْرِ كُفْرٌ وَالرِّضَا بِالْكُفْرِ كُفْرٌ فَيَسْتَحِيْلُ أَنْ يَّبْقٰى مُؤْمِناً مَعَ كَوْنِهٖ بِهٰذِهِ الصِّفَةِ۔

(حاشیہ جلالین ص ۴۹ رضا اکیڈمی ممبئی بحوالہ تفسیر کبیر)

کافر سے دوستی کرے اور اس کے کفر پر راضی ہو اور اسی لیے اسے دوست بنائے تو یہ ممنوع ہے اس لیے کہ جس نے ایسا کیا یقیناً دین کے اندر اسے اچھا سمجھ کر کیا اور کفر کو اچھا سمجھنا کفر ہے اور کفر پر رضا مندی بھی کفر ہے اس لیے محال ہے کہ آدمی اس وصف کا ہو اور مسلمان رہے۔

اقوال علما:

☆تفسیر نسفی میں ہے۔

مِنَ الْمُمْتَنِعِ أَنْ تَجِدَ قَوْماً مُؤْمِنِيْنَ يُوَالُوْنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُرَادُ أَنَّهٗ لَا يَنْبَغِيْ أَنْ يَكُوْنَ ذٰلِكَ وَحَقُّهٗ أَنْ يَّمْتَنِعَ وَلَا يُوْجَدُ بِحَالٍ مُبَالَغَةً فِي الزَّجْرِ أَنَّ مُجَانِبَةَ أَعْدَاءِ اللّٰهِ مُوَاعِدَتُهُمْ وَالْإِحْتِرَازُ عَنْ مُخَالَطَتِهِمْ وَمُعَاشَرَتِهِمْ۔

(تفسیر نسفی ج ۴ ص ۱۷۹)

محال ہے کہ مؤمنوں کو مشرکوں سے دوستی کرتے پاؤ مراد یہ ہے کہ کافروں سے دوستی مناسب ہی نہیں اسکا حق یہ ہے کہ باز رہا جائے اور کسی بھی حال میں دوستی نہ پائی جائے یہ زجر میں مبالغہ ہے کہ اللہ کے دشمنوں سے اجتناب

Scanned by CamScanner

رکھا جائے اور ان سے دوری اختیار کی جائے اور ان کے ساتھ میل جول رہن سہن سے احتراز کیا جائے۔

اور اسی میں حضرت سہل رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

مَنْ صَحَّحَ إِيْمَانَهُ وَأَخْلَصَ تَوْحِيْدَهُ فَإِنَّهُ لَايَأْنِسُ بِمُبْتَدِعٍ وَلَا يُجَالِسُهُ وَيُظْهِرُلَهُ مِنْ نَفْسِهِ الْعَدَاوَةَ وَمَنْ دَاهَنَ مُبْتَدِعاً سَلَبَهُ اللّٰهُ حَلَاوَةَالسُّنَنِ وَمَنْ أَجَابَ مُبْتَدِعاًلِطَلَبِ عِزِّ الدُّنْيَاوِغِنَاهَا أَذَلَّهُ اللّٰهُ بِذٰلِكَ الْعِزِّوَفَقَّرَهُ بِذٰلِكَ الْغِنٰى وَمَنْ ضَحِكَ إِلىٰ مُبْتَدِعٍ نَزَعَ اللّٰهُ نُوْرَ الْإِيْمَانِ مِنْ قَلْبِهِ وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْ فَلْيُجَرِّبْ۔ (تفسیر نسفی ج۴ص۱۷۹)

کہ جو پختہ ایمان سچی توحید والا ہوگا وہ کسی بد مذہب سے دوستی اور انس نہ رکھے گا اور اپنے ساتھ اسے نہ بیٹھائے گا بلکہ دلی طور پر نفرت وعداوت ظاہر کرے گا اور جو مداہنت کرے گا اللہ اس سے سنتوں کی حلاوت سلب فرمالے گا جو دنیا کی عزت وثروت کی طلب میں بد مذہب کی دعوت قبول کرے گا اللہ اسے عزت کے بدلے ذلیل فرمادے گا اور ثروت کے بدلے فقیر وتنگ دست بنادے گا اور جو بد مذہب کو (خوش کرنے کے لیے) ہنسے گا اللہ اس کے دل سے ایمان کی روشنی نکال لے گا جو نہ مانے تجربہ کرلے۔

حضرت علامہ نعیم الدین صاحب علیہ الرحمہ خزائن العرفان میں فرماتے ہیں ''انھیں (کفار) رازدار بنانا ان سے موالات کرنا ناجائز ہے''۔

(خزائن العرفان فی تفسیر القرآن ص ۷۸)

نیز آیت۔ يَاأَيُّهَاالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَاتَتَّخِذُوْاالْيَهُوْدَ وَالنَّصَارىٰ أَوْلِيَاءَ کی تفسیر میں لکھتے ہیں۔

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کاتب نصرانی تھا حضرت امیر المؤمنین عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا کہ نصرانی سے کیا واسطہ تم نے آیت نہیں سنی "یَا أَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْیَهُوْدَ وَالنَّصَارٰی أَوْلِیَاءَ" انھوں نے عرض کیا کہ اس کا دین اس کے ساتھ مجھے تو اسکی کتابت سے غرض ہے امیر المؤمنین نے فرمایا کہ اللہ نے انھیں ذلیل کیا تم انھیں عزت نہ دو اللہ نے انھیں دور کیا تم انھیں قرب نہ دو حضرت ابو موسیٰ نے عرض کیا کہ بغیر اس کے حکومت کا کام چلانا دشوار ہے یعنی ضرورت و مجبوری سے اس کو رکھا ہے کہ اسکی قابلیت کا دوسرا آدمی مسلمانوں میں نہیں ملتا اس پر حضرت امیر المؤمنین نے فرمایا نصرانی مر گیا یعنی فرض کرو کہ وہ مر گیا اس وقت جو انتظام کرو گے وہی اب کرو اور اس سے ہرگز کام نہ لو یہ آخری بات ہے۔۔ والسلام۔ (خزائن العرفان فی تفسیر القرآن)

ردالمحتار میں سیر کبیر کے حوالے سے ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت سعد بن ابی وقاص کے پاس لکھا کہ غیر مسلم کافر، مشرک کو اپنا کاتب نہ رکھنا۔

اسی سے اخذ کرتے ہوئے حضرت علامہ ابن عابدین شامی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں

وَبِهٖ نَأْخُذُ فَإِنَّ الْوَالِیَ مَمْنُوْعٌ مِنْ أَنْ یَتَّخِذَ کَاتِبًا مِنْ غَیْرِ الْمُسْلِمِیْنَ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰی لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِنْ دُوْنِکُمْ۔

(ردالمحتار ج ۲ ص ۴۲)

"کہ حاکم اسلام کو اجازت نہیں کہ غیر مسلمان کو اپنا کاتب رکھے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اے ایمان والو! غیروں کو اپنا رازدار نہ بناؤ۔

☆ فقیہ اعظم صدر الشریعہ علیہ الرحمة والرضوان فرماتے ہیں۔

"موالات ہر کافر سے ناجائز و حرام ہے قرآن مجید میں مطلقاً اس کی

ممانعت وارد ہے۔'' (فتاوی امجدیہ ۴/۳۵۴)

الحاصل:

یہ کہ تمام کفار و مشرکین کو دوست بنانا ان سے موالات حقیقی کرنا اوران سے دینی استعانت بوجہ مجبوری بھی ناجائز ہے اور روہابیہ زمانہ تو بدتر کافر ہیں ان سے بدرجہ اولیٰ احتراز واجب ہے۔

مجالس وتقریبات میں شرکت:

فرق باطلہ کی تقریبات ومحافل اجتماعات ومجالس میں شریک ہونا انکی تقاریر ومواعظ سننا اور انکی خوشیوں میں شریک ہونا انھیں مبارک باد دینا اپنے یہاں جلسے جلوس اور پروگراموں میں بلانا حرام ہے۔

☆ غنیۃ الطالبین میں ہے

لَایُجَالِسُهُمْ وَلَایَقْرُبُ مِنْهُمْ وَلَایُهَنِّیْهِمْ فِی الْأَعْیَادِ وَأَوْقَاتِ السُّرُوْرِ۔ (غنیۃ الطالبین ص...)

ان کے ساتھ نہ بیٹھا جائے اوران سے قرب نہ رکھا جائے عید اور خوشی کے موقعہ پر انہیں مبارک باد نہ دیا جائے۔

حضرت علامہ ابوبکر ابن سیرین رضی اللہ تعالیٰ عنہ بدمذہبوں سے کلام خدا اور رسول بھی سننا گوارا نہیں فرماتے تھے چنانچہ حضرت اسماء بن عبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں دو بدمذہب حضرت ابن سیرین رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا اے ابوبکر ہم آپ کو ایک حدیث سنانا چاہتے ہیں آپ سنیں گے حضرت ابن سیرین نے فرمایا نہیں، انہوں نے کہا تو قرآن کریم کی ایک آیت ہی سن لیں فرمایا ہرگز نہیں پھر پرجلال آواز میں فرمایا تم لوگ یہاں سے چلے جاؤ ورنہ میں جاتا ہوں یہ جواب سن کروہ چلے گئے حاضرین میں سے ایک صاحب نے عرض کیا حضور آیت قرآن سننے سے آپ نے کیوں انکار کردیا؟ ارشاد

فرمایا کہ مجھے خدشہ ہوا کہ کہیں آیت میں کچھ تبدیلی اور تحریف کر کے پڑھ دیں اور میرے دل میں جم جائے۔

اس کے علاوہ فتاوی رضویہ میں بہت سے فتاوی اس سلسلے میں موجود ہیں۔ خوف طوالت کے سبب یہاں ذکر کرنے سے احتراز کر رہے ہیں۔

عیادت ونماز جنازہ میں شرکت:

بیماری پر عیادت ومزاج پرسی اور مرنے پر تعزیت اور نماز جنازہ میں شرکت اللہ ورسول صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے یہاں عمل محبوب وکار مبرور ہے مگر صرف مسلمان کی عیادت اور جنازہ میں شرکت کار خیر وباعث اجر وثواب ہے۔ مرتدوں کافروں کی عیادت وغیرہ جائز نہیں لہذا وہابی دیوبندی وغیرہم کسی بلا یا افتاد، مصیبت وآفت میں مبتلا ہو جائیں تو ہرگز انکی مزاج گیری نہ کی جائے نہ نماز جنازہ پڑھی جائے۔

ارشاد الہی ہے۔

وَلَاتُصَلِّ عَلٰی أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا وَلَاتَقُمْ عَلٰی قَبْرِهٖ إِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ۔ (توبہ ۹/۸۴)

اور ان میں سے کسی کی میت پر کبھی نماز نہ پڑھنا اور نہ ان کی قبر پر کھڑے ہونا بیشک وہ اللہ اور رسول سے منکر ہوئے اور فسق ہی میں مر گئے (کنزالایمان)

احادیث:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

وَإِنْ مَرِضُوا فَلَاتَعُوْدُوْهُمْ وَإِنْ مَاتُوْا فَلَاتَشْهَدُوْهُمْ۔

(مشکوۃ ص ۲۲ باب الایمان بالقدر فصل ثالث)

کہ یہ اگر بیمار ہو جائیں تو ان کی عیادت نہ کرو اور اگر مر جائیں تو جنازہ میں شرکت نہ کرو۔

Scanned by CamScanner

حدیث مذکور میں ابن حبان کے اندر اتنا اور ہے

لَا تُصَلُّوا عَلَيهِمْ وَلَا تُصَلُّوا مَعَهُمْ۔

(فتاوی الحرمین ص ۱۸۹ انظامی پریس بدایوں بحوالہ ابن حبان)

انکی نماز جنازہ پڑھو نہ انکے ساتھ نماز پڑھو۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ إخْتَارَ لِي أَصْحَاباً فَجَعَلَهُمْ أَصْحَابِي وَأَصْهَارِيْ وَأَنْصَارِيْ وَسَيَجِئُ مِنْ بَعْدِهِمْ قَوْمٌ يَنْقُصُوْنَهُمْ وَيَسُبُّوْنَهُمْ فَإِنْ أَدْرَكْتُمُوْهُمْ فَلَاتُنَاكِحُوْهُمْ وَلَاتُوَاكِلُوْهُمْ وَلَاتُشَارِبُوْهُمْ وَلَاتُصَلُّوا مَعَهُمْ وَلَا تُصَلُّوا عَلَيهِمْ ---

(فتاوی الحرمین ص ۱۸۹)

کہ اللہ تعالی نے کچھ ساتھی میرے لیے منتخب فرمایا پھر انہیں میرے لیے صحابی، رشتہ دار اور مددگار بنایا انکے بعد ایک قوم آئے گی جو انکی تنقیص کرے گی گالی دے گی تو اگر انہیں تم پاؤ تو نہ ان سے نکاح کرو نہ انکے ساتھ کھاؤ پیو نہ انکے ساتھ نماز پڑھو نہ انکی نماز جنازہ پڑھو۔

اسی طرح ابن نجار نے حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کی آخری حصہ یہ ہے

وَلَا تُصَلُّوا عَلَيهِمْ وَلَا تُصَلُّوامَعَهُمْ۔ (مسلم شریف ص ۱۰)

انکی نماز جنازہ پڑھو نہ انکے ساتھ نماز پڑھو

☆ حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا

مَنْ سَلَّمَ عَلٰى صَاحِبِ بِدْعَةٍ فَقَدْ أَحَبَّهٗ لِقَوْلِ النَّبِيِّ ﷺ أَفْشُوْاالسَّلَامَ بَيْنَكُمْ تَحَابُّوْاوَلَا يُجَالِسُهُمْ وَلَا يَقْرَبُ مِنْهُمْ

Scanned by CamScanner

وَلَا يُهَنِّيهِمْ فِي الْأَعْيَادِ وَ أَوْقَاتِ السُّرُوْرِ وَ لَا يُصَلِّى عَلَيْهِمْ إِذَا مَاتُوا۔ (غنیۃ الطالبین)

کہ جس نے کسی بدمذہب کو سلام کیا تو اس نے اس سے محبت کی اس لیے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپس میں سلام پھیلاؤ محبت پیدا ہوگی اور بدمذہبوں کے پاس مسلمان نہ بیٹھے نہ ان سے قریب ہو نہ انہیں خوشی کے اوقات میں مبارک بادی دے اور نہ انکی جنازہ پڑھے جب مریں۔

☆ مجدد اعظم امام احمد رضا رحمۃ اللہ تعالی علیہ سے گستاخان رسول قاسم نانوتوی، رشید احمد گنگوہی وغیرہ کو ماننے والے شخص کے ساتھ معاملات و معاشرت اور دینی مراسم میں شرکت کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا۔

بلاشبہ اس سے دور بھاگنا اور اسے اپنے سے دور کرنا اس سے بغض اسکی اہانت اسکا رد فرض ہے اور توقیر حرام وہدم اسلام' اسے سلام کرنا حرام اسکے پاس بیٹھنا حرام اسکے یہاں کھانا پینا حرام اسکے ساتھ شادی بیاہ حرام اور قربت زنائے خالص اور بیمار پڑے تو اسے پوچھنے جانا حرام، مرجائے تو اسکے جنازے میں شرکت اسے مسلمانوں کا سا غسل وکفن دینا حرام اسپر نماز جنازہ پڑھنا حرام بلکہ کفر' اسکا جنازہ اپنے کندھوں پر اٹھانا اسکے جنازے کی مشایعت حرام اسے مسلمانوں کے مقابر میں دفن کرنا حرام اسکی قبر پر کھڑا ہونا حرام اسکے لیے دعائے مغفرت یا ایصال ثواب حرام بلکہ کفر والعیاذ باللہ۔

(فتاوی رضویہ ج ٦ ص ١٠٨)

مرتد سے نکاح کا حکم:

نکاح ایک نعمت الہیہ وسنت نبویہ اور رضائے خدا ورسول کے حصول کا ذریعہ ہے اور اس نعمت الہیہ حقہ کا حقدار صرف اور صرف مسلمان ہے اور وہابیوں دیوبندیوں کا کفر وارتداد

Scanned by CamScanner

دلائل قاہرہ براہین ساطعہ باہرہ سے ثابت ہو چکا ہے لہٰذا ان سے رشتہ و نکاح باطل محض ہے

احادیث:

☆ عقیلی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔

لَا تُجَالِسُوْهُمْ وَلَا تُشَارِبُوْهُمْ وَلَا تُوَاكِلُوْهُمْ وَلَا تُنَاكِحُوْهُمْ۔

☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بد مذہبوں کی علامات بیان فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

إِنْ أَدْرَكْتُمُوْهُمْ فَلَا تُنَاكِحُوْهُمْ وَلَا تُوَاكِلُوْهُمْ وَلَا تُشَارِبُوْهُمْ۔

(فتاوی حرمین ص ۷۰ ماجدیہ لاہور)

اقوال فقہا:

فتاویٰ قاضی خان اور فتاویٰ عالمگیری میں ہے۔

"لَا يَجُوْزُ لِلْمُرْتَدِّ أَنْ يَّتَزَوَّجَ مُرْتَدَّةً وَلَا مُسْلِمَةً وَلَا كَافِرَةً أَصْلِيَّةً وَكَذَالِكَ لَا يَجُوْزُ نِكَاحُ الْمُرْتَدَّةِ مَعَ أَحَدٍ كَذَا فِي الْمَبْسُوْطِ۔ (فتاوی عالمگیری ج ۱ ص ۲۶۳ مصری)

کہ مرتد کا نکاح نہ مرتد عورت سے ہوسکتا ہے نہ مسلمہ سے نہ کافرہ اصلیہ سے اور ایسے ہی مرتدہ کا کسی سے نکاح نہیں ہوسکتا ایسے ہی مبسوط میں ہے۔

☆ مشہور زمانہ مستند و معتمد فقہی کتاب ہدایہ میں ہے۔

لَا يَجُوْزُ أَنْ يَّتَزَوَّجَ الْمُرْتَدُّ مُسْلِمَةً وَلَا كَافِرَةً وَكَذَا الْمُرْتَدَّةُ لَا يَتَزَوَّجُهَا مُسْلِمٌ وَكَافِرٌ۔ (ہدایہ ج ۲ ص ۳۴۵)

مرتد کا نکاح مسلم کافر و مرتد عورت کسی سے بھی نہیں ہوسکتا اور ایسے ہی مرتد عورت سے کسی مسلمان کا نکاح ہوسکتا ہے نہ کسی کافر کا۔

☆ مصنف جلیل امام کبیر حضرت علامہ محمد بن پیر علی رحمة الله علیه اپنی شہرہ

Scanned by CamScanner

آفاق تصنیف ''الطریقۃ المحمدیہ'' میں رقمطراز ہیں

فَهٰؤُلَاءِ كُفَّارٌ لَانَتَزَوَّجُ مِنْ نِسَائِهِمْ وَلَانُزَوِّجُهُمْ وَلَا نَتَّبِعُ جَنَائِزَهُمْ

(الطریقۃ المحمدیہ ج۱ ص۳۰۸)

☆ اسی کی شرح ''الحدیقۃ الندیہ'' میں عارف باللہ حضرت علامہ عبد الغنی نابلسی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

لَایَجُوزُتَزَوُّجُ الْمُرْتَدِّوَلَاتَزْوِيجُ الْمُرْتَدِّ۔

(الحدیقۃ الندیہ ج۱ ص۳۰۸)

کہ مرتد و مرتدہ کسی کا نکاح جائز نہیں۔

☆ جامع الرموز میں ہے۔

أَیْ لَمْ یَنْعَقِدْ نِكَاحُ الْمُرْتَدِّ فِی حَالِ الرِّدَّةِبِلَا خِلَافٍ وَلَوْ كَانَتِ الزَّوْجَةُ ذِمِّيَّةً لِأَنَّ النِّكَاحَ يَعْتَمِدُ الْمِلَّةَ الْمُتَقَرِّرَةَ وَفِيهِ إِشْعَارٌ بِأَنَّ نِكَاحَ الْمُرْتَدِّ بَاطِلٌ۔ (جامع الرموز ج۲ ص۳۲۸)

حالت ارتداد میں مرتد کا نکاح ہوا ہی نہیں اگرچہ عورت ذمیہ ہو اس لیے کہ نکاح کی بنیاد و عماد دین ثابت پر ہے اور اس سے یہ بتانا ہیکہ مرتد کا نکاح باطل محض ہے۔

☆ شرح مختصر القدوری ''جوہرہ نیرہ'' میں ہے۔

لِأَنَّ الرِّدَّةَ مُنَافِيَةٌ لِلنِّكَاحِ (جوہرہ نیرہ ج۲ ص۳۲۸)

اس لیے کہ مرتد ہونا نکاح کے منافی ہے''

شرح وہبانیہ میں ہے۔

مَايَكُونُ كُفْرًا إِتِّفَاقًا يَبْطُلُ الْعَمَلُ وَالنِّكَاحُ وَأَوْلَادُهٗ أَوْلَادُزِنًا۔

(درمختار ج۳ ص۳۲۸)

Scanned by CamScanner

کفر اتفاقی کرنے پر عمل و نکاح باطل ہو جاتے ہیں اور اولاد حرامی ہوتی ہے۔

اور وہابیہ و دیابنہ نے اپنی کتابوں میں جیسا کہ حوالے اوپر مذکور ہوئے رسول کی کھلی ہوئی گستاخیاں کی ہیں جن کی بنا پر علمائے حرمین شریفین نے کفر و ارتداد کا حکم لگایا ہے لہٰذا انکے اعمال و نکاح باطل۔

التماس اور انتباہ:

بہت سے کم خواندہ یا ان پڑھ سنی بھائیوں کا خیال ہے کہ انہیں لڑکی نہیں دینا چاہئے مگر انکی لڑکی لانے میں کوئی مذائقہ نہیں اس لیے کہ ہمارے گھر میں ہمارے قبضہ میں ہوگی سنیہ مسلمان ہو جائے گی۔ یہ صریح غلطی اور بھول ہے اس لیے کہ ایمان اور اسلام کا تعلق ظاہر بدن سے نہیں قلب و دل سے ہوتا ہے اس پر خدا کے سوا کسی کا قبضہ نہیں لہذا اسکی اسلامیت کی امید فضول ہے خود سرکار اقدس ﷺ نے نص فرما دی ہے۔

لَا یَرْجِعُوْنَ حَتّٰی یَرْتَدَّ السَّھْمُ عَلٰی فُوْقِہٖ۔

(بخاری شریف ج ۲ ص ۱۰۲۴)

کہ یہ مرتد اور بد مذہب ہونے کے بعد واپس نہیں ہو سکتے جب تک خود تیر اپنی جگہ نہ لوٹ آئے۔

یہی وجہ ہے کہ متعدد بار دیکھنے میں آیا کہ کچھ مسلمانوں نے اپنے تصلب و ایمان کی پختگی پر بھروسہ کر کے وہابی لڑکی سے شادی کر لی لڑکی وہابیت پر ڈٹی رہی آخر کار نتیجہ برعکس رہا پورا کا پورا خاندان وہابیت کے چنگل میں پہونچ گیا اور جو سنیت کے داعی اور علم بردار تھے آج وہابیت کے سپہ سالار بن گئے۔

وہابیوں دیو بندیوں کے یہاں رشتہ و نکاح ہی کی کرشمہ سازی ہے کہ آج وہابیت بد مذہبیت جنگل کی آگ کی طرح بڑھتی اور پھیلتی جا رہی ہے۔

☆☆☆

Scanned by CamScanner

مسلمانو!

بدمذہب کے ساتھ رشتہ میں وہ نقصان ہے جسکا تدارک امکان سے باہر ہے لہذا انکے یہاں رشتہ ہرگز نہ کرو احادیثِ رسول اور عباراتِ فقہا سے روشن ہو چکا کہ مرتدوں کا نکاح کائنات میں کسی چیز سے ہو ہی نہیں سکتا تو ان کی لڑکی لینا یا ان کو لڑکی دینا دونوں برابر، حرام حرام، زنائے خالص نیز باعث غضب جبار قہر قہار اور سبب ناراضگیِ رسولِ پروردگار ہے۔

ضروری تنبیہ:

مقاطعہ تو ہراس بدمذہب سے بھی فرض ہے جسکی بدمذہبی حد کفر کو نہ پہونچی ہو 'اور اس سے بیاہ شادی ناجائز و گناہ لیکن جسکی بدمذہبی حد کفر تک پہنچ چکی ہو اور کسی صریح کفر کی وجہ سے مرتد ہو چکا ہو اس سے نکاح باطل چاہے وہ مرد ہو یا عورت' اب رہا معاملہ آج کل کے عوام وہابیہ زمانہ کے نکاح کا تو اس سلسلے میں خوب سمجھ لینا چاہئے کہ اگر انکے حد کفر تک پہونچنے کا قطعی علم ہے وہ اس طرح کہ جو اپنے کو دیوبندی وہابی کہتے ہیں۔ اپنے اکابر کے کفریات اور انکی گستاخانہ عبارتوں۔ سے قطعی طور پر واقف اور مطلع ہیں تو ان سے نکاح کسی سنی مرد یا عورت کا ہرگز ہرگز نہیں ہوسکتا یہ محض زنائے خالص ہے' اور اگر انکے بارے میں قطعی علم نہیں کہ کیا ہیں یعنی کفریات پر واقعی مطلع ہیں یا نہیں یا اطلاع ہے مگر یوں ہی سرسری' تو انکو کفری عقائد بتائے جائیں اور عبارتیں دکھائی جائیں' سمجھائی جائیں اگر اسکا اقرار کرتے ہیں تو خود ہی اقراری مجرم ہونگے اور انکے اوپر بھی کفر عائد ہوگا، اور دیوبندیوں کے کافر ہونے میں شک کریں جب بھی کہ ارشاد علمائے اسلام ہے 'من شک فی کفرہ وعذابہ فقد کفر' اور اگر انکار کریں ان خبیث عبارتوں کو دیکھ کر یا پڑھ کر، انکے کفر ہونے کا یقین کریں اور قائل کو کافر بتائیں تو پھر ان کو سنی ہی سمجھا جائے۔

Scanned by CamScanner

اقتدا کا حکم:

محقق علی الاطلاق کمال الدین محمد بن عبد الواحد المعروف بابن ہمام علیہ الرحمۃ والرضوان فقہ حنفی کی مشہور مستند کتاب ہدایہ کی شرح فتح القدیر میں حضرت امام اعظم حضرت امام ابو یوسف امام محمد رحمھم اللہ تعالی کا قول تحریر فرماتے ہیں ۔ لَا تَجُوْزُ الصَّلٰوۃُ خَلْفَ أَھْلِ الْأَھْوَاء۔ (فتاوی فیض الرسول ج ۲ ص ۵۳۷)

کہ بدمذہبوں کے پیچھے نماز جائز نہیں۔

☆ مجدد اعظم نائب امام اعظم وارث علم رسول اعظم امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ والرضوان فرماتے ہیں ''دیوبندی عقیدے والوں کے پیچھے نماز باطل محض ہے، ہوگی ہی نہیں اور انکے پیچھے پڑھنے کا شدید گناہ'' (فتاوی رضویہ ج ۳ ص ۲۳۵)

☆ نیز ایک مقام پر فرماتے ہیں فی الواقع فرقہ غیر مقلدین (وہابی) گمراہ بددین ضالین مفسدین ہیں امام بنانا حرام ہے انکے پیچھے نماز پڑھنا منع ہے ان سے مخالطت آگ۔

(فتاوی رضویہ ج ۳ ص ۱۹۶)

☆ نیز فرماتے ہیں۔

''دیوبندی عقیدے والوں کے پیچھے نماز باطل محض ہے ہوگی ہی نہیں فرض سر پر رہے گا۔'' (فتاوی رضویہ ج ۳ ص ۲۳۵)

معلوم ہوا کہ محض نماز پڑھنا ہماری ذمہ داری نہیں بلکہ یہ بھی ضروری ہے کہ امام کی اسلامیت و دینداری کا علم رکھا جائے اور وہابی دیوبندی یا کسی بدمذہب کے پیچھے ہرگز نماز نہ پڑھی جائے ورنہ ساری نماز بے کار و بے ثمر ہوگی۔

ذبیحہ کا حکم:

اسلامی شریعت میں مذبوح جانور وہی حلال ہے جو اللہ کے نام پر ذبح کیا گیا ہو جیسا کہ ارشاد رب تعالی ہے۔

Scanned by CamScanner

"فَكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللهِ عَلَيْهِ إِنْ كُنْتُمْ بِآيَاتِهِ مُؤْمِنِيْنَ"

تو اس (جانور) کا گوشت کھاؤ جو اللہ کے نام ذبح کیا گیا اگر تم اس کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہو۔ (انعام ۱۱۸/۶)

پھر یہ بھی ضروری ہے کہ ذبح کرنے والا مسلمان یا کتابی ہو، کافر و مرتد وغیرہ نہ ہو جیسا کہ ذیل کے جزئیات سے روشن ہے۔ چناں چہ خاتم الفقہا شیخ الاسلام برہان الدین ابوالحسن مرغینانی علیہ الرحمہ ہدایہ میں فرماتے ہیں۔

لَاتُوكَلُ ذَبِيْحَةُ الْمَجُوْسِي وَالْمُرْتَدِّ لِأَنَّهٗ لَا مِلَّةَ لَهٗ۔

(ہدایہ ج ۴ ص ۴۳۴ کتاب الذبائح)

آگ پرست اور مرتد (وہابی) کا ذبح کیا ہوا جانور نہ کھایا جائے اس لیے کہ مرتد کا کوئی دین نہیں۔

☆ فتاویٰ ہندیہ میں ہے۔

فَلَا تُوكَلُ ذَبِيْحَةُ أَهْلِ الشِّرْكِ وَالْمُرْتَدِّ۔ (فتاوی عالمگیری ص ۳۱۶)

کہ مشرک اور مرتد کا ذبیحہ نہ کھایا جائے۔

☆ مجمع الانہر وملتقی الابحر میں ہے۔

لَاتَحِلُّ ذَبِيْحَةُ وَثَنِيٍّ أَوْ مَجُوْسِيٍّ أَوْ مُرْتَدٍّ لِأَنَّهٗ لَامِلَّةَ لَهٗ

بت پرست یا آگ پرست یا مرتد کا ذبح کیا ہوا جانور حلال نہیں اس لیے کہ مرتد کا کوئی دین نہیں۔ (مجمع الانہر ج ۲ ص ۵۹۸)

☆ خلاصۃ الفتاویٰ میں ہے۔

لَايُوكَلُ ذَبِيْحَةُ الْمَجُوْسِيْ وَالْمُرْتَدِّ وَالْمُرْتَدَّةِ وَالْوَثَنِيِّ۔

(خلاصۃ الفتاوی ج ۴ ص ۳۰۵)

آگ پرست اور مرتد، مرتدہ اور بت پرست کا ذبیحہ نہ کھایا جائے۔

Scanned by CamScanner

رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان اقدس میں توہین کرنے والوں اور انکے عقیدت مندوں کے ذبیحہ کے بارے میں حضور صدر الشریعہ علیہ الرحمہ سے سوال ہوا تو آپ نے اس کا حکم بیان فرماتے ہوئے فرمایا۔

"وہ قطعاً یقیناً کافر مرتد ہیں ان سے بدرجہ اولیٰ اجتناب کا حکم ہے رہا کھانا اسکے متعلق یہ حکم ہے کہ جب وہ مرتد ہے تو اسکے ہاتھ کا ذبیحہ مردار ہے اگر جانور اس نے ذبح کیا ہے یا اسکے ہم خیال کسی دوسرے مرتد نے تو وہ بالکل حرام و مردار ہے اور اگر مسلمان کا ذبح کیا ہوا ہے اور اول سے آخر تک یعنی کھانے کے وقت تک برابر نظر مسلم کے ساتھ رہا تو وہ گوشت حرام و مردار نہیں اور اگر نظر مسلم سے غائب ہوگیا مثلاً اس کے گھر میں گیا اور وہاں سے پک کر آیا تو اب بھی مردار ہے۔ (فتاوی امجدیہ ۴/۱۵۴)

☆ فتاویٰ فیض الرسول میں ہے۔ "جیسے آج کل وہابی دیوبندی اسلام کا کلمہ پڑھتے اور اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں مگر اپنے عقائد کفریہ مندرجہ حفظ الایمان ص ۸ تحذیر الناس ص ۳۔۱۴۔۲۸ اور براہین قاطعہ ص ۵۱ کی بنا پر مرتد ہیں اور مرتد احکام دنیا میں سب کافروں سے بدتر ہیں کہ مستحق قتل ہیں ان سے جزیہ نہیں لیا جاسکتا اور انکا نکاح مسلم کافر یا مرتد کسی سے نہیں ہوسکتا جس سے ہوگا محض زنا ہوگا اور مرتد کا ذبیحہ اس وجہ سے حرام و مردار ہے کہ وہ کلمہ گو ہو کر کفر کرتا ہے ضروریات دین میں سے کسی کا انکار کرتا ہے۔

(فتاوی فیض الرسول ۲/۴۲۷)

معلوم ہوا کہ کافروں مشرکوں کا ذبح کیا ہوا جانور جس طرح مردار ہے ایسی ہی مرتدوں مثلاً وہابیوں دیوبندیوں کا ذبح کیا ہوا جانور مردار ہے اگرچہ ذبح کرتے وقت اللہ ہی کا نام کیوں نہ لیا ہو۔

☆☆☆☆☆

Scanned by CamScanner

مسائل پوچھنے کا حکم:

احکام الٰہیہ وقوانین شرعیہ سے آگاہی کے لیے رب قدیر جل مجدہ تعالی کا حکم ہے کہ اہل علم حضرات سے رجوع کیا جائے۔ فَاسْئَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (نحل ۱۶/۴۳) دور حاضر میں مدارس کے اندر دارالافتا ودارالقضا کا اہتمام رکھا جاتا ہے جس سے لوگ اپنے پیش آمدہ مسائل دریافت کرتے رہتے ہیں۔ افسوس کی بات ہے کہ کچھ لوگ اپنی لاعلمی یا خصوصی مفاد کے پیش نظر غیر اسلامی وہابی دیوبندی اداروں سے فتاوے حاصل کر لیتے ہین جبکہ بدمذہبوں سے دینی مسائل معلوم کرنا سخت حرام ہے کہ اس طریقے پر وہ غلط مسائل بتا کر اپنی راہ پر لے جانے میں جلدتر کامیاب ہو سکتے ہیں۔

☆ شہزادہ اعلیٰ حضرت حضور مفتی اعظم ہند فرماتے ہیں۔

"وہابیوں سے مسائل پوچھنا حرام ہے۔ (فتاوی مصطفویہ ج ۳ ص ۱۴۱)

☆ نیز ایک مقام پر لکھتے ہیں

"ایسوں (وہابی دیوبندی) سے فتویٰ لینا حرام حرام ہے۔ (فتاوی مصطفویہ ج ۳)

☆ فتاوی فیض الرسول میں ہے "وہابی اپنے عقائد کفریہ کی وجہ سے کافر ہیں کفار سے فتوی شرعی حاصل کرنا حرام وگناہ کبیرہ ہے" (فتاوی فیض الرسول ج ۲ ص ۲۳۶)

تحفہ دینے اور لینے کا حکم:

خوشی ومسرت کے حسین مواقع خصوصا عید، بقرعید، بارہ ربیع الاول شریف یعنی تاریخ ولادتِ خاتم پیغمبراں ﷺ، شادی، عقیقہ پر ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان بھائی کو کھانے کی دعوت دینا، کھلانا، تحفہ اور ہدیہ دینا فعل مستحسن ولائق ستائش ہے آپس میں اضافہ محبت کا ذریعہ پختہ الفت ودوستی کا وسیلہ ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے آپ

Scanned by CamScanner

فرماتی ہیں کہ رسول کائنات فخرِ موجودات علیہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تَھَادَوْا تَحَابُّوا۔

(الدرر المنتشرۃ فی الاحادیث المشتھرۃ علی الفتاوی الحدیثیۃ للامام جلال الدین السیوطی ص ۱۳۰۔ اخرجہ الطبرانی فی الکبیر)

کہ (مسلمانو) آپس میں ایک دوسرے کو ہدیہ دو اور ایک دوسرے سے ہدیہ لو اس لیے کہ اس سے محبت پیدا ہوگی نیز تحفہ کا لین دین ایک دوسرے کو خوشی کا پیغام ہے سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بَشِّرُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا۔۔۔

اور جب واضح ہو گیا کہ تحفہ کا لین دین انشاء محبت کا سبب بلکہ دوستی اور الفت کا آئینہ ہے تو یہ معلوم ہو گیا کہ کفار و مشرکین وہابی دیوبندی مرتدین کو ہدیہ اور تحفہ دینا ان سے لینا ناجائز و حرام ہے اس لیے کہ اس سے پہلے متعدد شواہد و دلائل سے ثابت ہو چکا ہے کہ کفار و مشرکین مرتدین سے محبت و الفت دوستی و موالات ناجائز و حرام ہے تو اب سنی مسلمان بھائیوں کو زیب نہیں دیتا کہ خدا اور رسول کی شان والا تبار میں گستاخیاں کرنے والے دشمنوں اور خدا کے ساتھ شریک ٹھہرانے والے مشرکوں کافروں کو ہدیہ و تحفہ دیکر ان سے اظہار محبت کریں خدا کی ناراضگی مول لیکر انمول اور زریں مواقع مسرت کو آخرت میں اپنے لیے ہلاکت و تباہی کا ذریعہ بنائیں۔

زکوۃ اور امداد کا حکم:

زکوۃ ارکان اسلام میں سے ایک اہم رکن اور فریضہ ہے اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کے اندر زکوۃ اور زکوۃ دینے والے کی فضیلت بیان فرمائی اور مسلمانوں کو اس کی رغبت دلائی ہے۔

چنانچہ ارشاد ہے۔

مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَھُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ کَمَثَلِ حَبَّۃٍ اَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ کُلِّ سُنْبُلَۃٍ مِّائَۃُ حَبَّۃٍ وَاللّٰہُ یُضٰعِفُ

Scanned by CamScanner

لِمَنْ يَّشَاءُ وَ اللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۔(بقرہ۲/۲۶۱)

ان کی کہاوت جو اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے اس دانہ کی طرح جس نے اگائیں سات بالیں ہر بال میں سو دانے اور اللہ اس سے بھی زیادہ بڑھائے جس کے لیے چاہے اور اللہ وسعت والا علم والا ہے۔(کنزالایمان)

اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يَتَّبِعُوْنَ مَا اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَا اَذًى لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۔(بقرہ۲/۲۶۲)

وہ جو اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں پھر دیئے پیچھے نہ احسان رکھیں نہ تکلیف دیں ان کا نیگ (اجر) ان کے پاس ہے اور انھیں نہ کچھ اندیشہ ہو نہ کچھ غم (کنزالایمان)

اہل ثروت مسلمانوں کو تاکید کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں متعدد مقامات پر زکوٰۃ دینے کا حکم فرمایا۔

چنانچہ ارشاد الٰہی ہے۔

☆ وَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ۔
(بقرہ۲/۴۳)

اور نماز قائم رکھو اور زکوۃ دو اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو(کنزالایمان)

☆ وَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ ۔(بقرہ۲/۸۳)

نماز قائم رکھو اور زکوۃ دو (کنزالایمان)

☆ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ۔
(حج ۲۲/۷۸)

Scanned by CamScanner

تو نماز برپا رکھو اور زکوٰۃ دو اور اللہ کی رسی مضبوط تھام لو (کنزالایمان)

☆ وَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ۔ (نور ۲۴/۵۶)

اور نماز برپا رکھو اور زکوٰۃ دو اور رسول کی فرمانبرداری کرو اس امید پر کہ تم پر رحم ہو۔ (کنزالایمان)

☆ فَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَأَطِيعُوا اللّٰهَ وَرَسُولَهٗ وَاللّٰهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ۔ (مجادلہ ۵۸/۱۳)

تو نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دو اور اللہ اور اس کے رسول کے فرمانبردار رہو اور اللہ تمہارے کاموں کو جانتا ہے (کنزالایمان)

اور زکوٰۃ نہ دینے والے کے حق میں سخت وعید وارد ہے چنانچہ ارشاد الٰہی ہے۔

☆ وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ يَوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِي نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوبُهُمْ وَظُهُورُهُمْ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِأَنْفُسِكُمْ فَذُوقُوا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُونَ۔ (توبہ ۹/۳۴،۳۵)

اور وہ کہ جوڑ کر رکھتے ہیں سونا اور چاندی، اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے انہیں خوشخبری سناؤ دردناک عذاب کی جس دن وہ تپایا جائے گا جہنم کی آگ میں پھر اس سے داغیں گے ان کی پیشانیاں اور کروٹیں اور پیٹھیں یہ ہے وہ جو تم نے اپنے لیے جوڑ کر رکھا تھا اب چکھو مزا اس جوڑنے کا۔

(کنزالایمان)

بیان مذکور سے معلوم ہوا کہ رب قدیر عز اسمہ کے یہاں زکوٰۃ کی بڑی فضیلت ہے اصحاب ثروت پر زکوٰۃ کی ادائیگی فرض ہے۔ مگر سوال یہ ہوگا تو قرآن میں اس کے

Scanned by CamScanner

مصارف بیان کردیئے گئے ہیں انہیں کو دینے سے ادا ہوگی وہ یہ ہیں۔(۱) فقیر (۲) مسکین (۳) عامل (۴) رقاب (۵) غارم (۶) فی سبیل اللہ (۷) ابن سبیل۔ ساتھ ہی یہ واضح رہے کہ انہیں اس شرط کے ساتھ زکوٰۃ دینے سے ادا ہوگی کہ یہ صحیح العقیدہ مسلمان ہوں کافر مشرک، مرتد کو زکوٰۃ دینے سے زکوٰۃ ادا ہوگی نہ خدا کے یہاں براءت حاصل ہوگی۔

جیسا کہ عبارات فقہا اس پر شاہد ہیں ملک العلما رأس الفقہا حضرت علامہ کاسانی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

وَمِنْهَاأَنْ يَكُوْنَ مُسْلِماً لَايَجُوْزُ صَرْفُ الزَّكوٰةِ إِلٰى الْكَافِرِ بِلَا خِلَافٍ۔(بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع ۲/۴۹ سعید کمپنی کراچی)

کہ ادائیگی زکوٰۃ کی شرط یہ ہے کہ جسے زکوٰۃ دیجائے وہ مسلمان ہو لہٰذا کافر کو زکوٰۃ دینا بالاتفاق ناجائز ہے

حضرت علامہ طاہر بن احمد بن عبد الرشید علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہیں۔

"لَايَجُوْزُ الصَّرْفُ إِلٰى كَافِرٍ۔(خلاصۃ الفتاوی ج۱ص۲۴۲)

کہ مال زکوٰۃ کافر پر صرف کرنا ناجائز ہے۔

اور وہابی دیوبندی اپنے کفری اقوال وعقائد کی بنیاد پر کافر ومرتد ہیں اور مرتد ہونا کفر کا بدترین درجہ ہے جب کفار اصلیہ کو زکوٰۃ دینا ناجائز وحرام دی تو ادا نہ ہوئی تو وہابی دیوبندی کو غیر مقلدین کو زکوٰۃ دینا بدرجہ اولیٰ حرام وگناہ ہے اگر انہیں مال زکوٰۃ دیا تو زکوٰۃ ادا نہ ہوئی۔

مجدد اعظم امام احمد رضا رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

کافر، مشرک، وہابی، رافضی قادیانی وغیرہ انکو زکوٰۃ دینا حرام ہے اور انکو دیئے زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔(فتاوی رضویہ ج۴ص۴۹۱)

Scanned by CamScanner

فقیہ اعظم صدرالشریعہ علامہ امجد علی اعظمی رقمطراز ہیں۔

وہابیہ زمانہ کہ توہین خدا وتنقیص شان رسالت کرتے اور شائع کرتے جنکو اکابر علمائے حرمین طیبین نے بالاتفاق کافر مرتد فرمایا اگر چہ وہ اپنے آپ کو مسلمان کہیں انہیں زکوٰۃ دینا حرام اور سخت حرام ہے اور اگر دی تو ہرگز ادا نہ ہوگی۔(بہار شریعت ج ۵ص ۶۵)

اب جبکہ زکوٰۃ کا حکم واضح ہوگیا تو سنی مسلمانوں کو چاہئے کہ ہر چندہ مانگنے والے کو زکوٰۃ وصدقہ کی رقم نہ دیں بلکہ صرف اپنے سنی بھائی یا سنی مدرسہ کو دیں یوں ہی امدادی رقم بھی وہابیوں دیوبندیوں مرتدوں کو نہ دیں کہ انکی مدد کرنا گناہ ہے جو شرعا ممنوع، ارشاد قرآنی ہے۔

وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ۔(مائدہ ۲/۵)

اور نیکی اور پرہیز گاری پر ایک دوسرے کی مدد کرو اور گناہ اور زیادتی پر باہم مدد نہ دو اور اللہ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ کا عذاب سخت ہے۔(کنزالایمان)

میل جول والے کا حکم:

الحمد للہ یہ مسئلہ روشن ہوگیا کہ وہابیہ مذمومہ فرقہ ملعونہ سے سلام وکلام میل جول نشست وبرخاست معاملت ومعاشرت غرض کہ ہر ایک رسم وربط ناجائز وحرام ہے تو یہ بھی عیاں ہوگیا کہ جو لوگ انکے ساتھ تعلقات وروابط رکھتے ہیں وہ صلح کلی مرتکب حرام گنہگار مستوجب قہر قہار مستحق قہر جبار لائق عذاب نار خداوند قدوس کی لعنت اور پھٹکار کے سزاوار ہیں خواہ عالم ہوں یا جاہل ایسے لوگوں کی ہر مجلس میں اہانت وتذلیل واجب وکار ثواب اور انکے پیچھے نماز واجب الاعادہ مکروہ تحریمی ہے،...کُرِهَ إِمَامَةُ الْفَاسِقِ فَإِنَّ فِي تَقْدِيمِهِ تَعْظِيمُهُ وَقَدْ وَجَبَ إِهَانَتُهُ شَرْعاً۔

Scanned by CamScanner

☆ خاتم الفقہا والمحققین امام احمد رضا رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں،

وہابیہ وغیر مقلدین دیوبندی ومرزائی وغیرہم فرقے آجکل سب کفار ومرتد ہیں انکے پاس نشست وبرخاست حرام اور ان سے میل جول حرام ہے اگرچہ اپنا باپ یا بھائی یا بیٹے ہوں اوران لوگوں سے کسی دنیاوی معاملت کی بھی اجازت نہیں کما بیناہ فی الحجۃ المؤتمنہ انکے پاس بیٹھنے والا اگر انکو مسلمان سمجھ کران کے پاس بیٹھتا ہے یا انکے کفر میں شک رکھتا ہے اور انکے اقوال سے مطلع ہے تو بلا شبہ خود کافر ہے فتاویٰ بزازیہ ومجمع الانھر ودرمختار وغیرہا میں ہے مَنْ شَكَّ فِي عَذَابِهٖ وَكُفْرِهٖ فَقَدْ كَفَرَ اور اگر انکو یقیناً کافر جانتا ہے اور پھران سے میل جول رکھتا ہے تو اگرچہ اس قدر سے کافر نہ ہوگا مگر فاسق ضرور ہے اور اسے امام بنانا گناہ اور اسکے پیچھے نماز مکروہ تحریمی قریب بحرام کہ پڑھنی گناہ اور پھیرنی واجب اور معاذ اللہ بالآخر اس پر اندیشۂ کفر ہے۔ (فتاوی رضویہ ج ۱۰ النصف الآخر ص ۱۱۱)

اس سے معلوم ہوا کہ جس طرح وہابیہ دیابنہ کے پیچھے نماز نہیں پڑھنی چاہئے یوں ہی اس کے پیچھے بھی نماز پڑھنے سے احتراز کرنا چاہئے جو ان سے میل جول رکھے۔

اللہ تعالیٰ تمام مسلمانان اہل سنت کو احکام شرع پر بھرپور عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے

آمین، بجاہ حبیبہ سید المرسلین

وعلی آلہ وصحبہ اجمعین

Scanned by CamScanner

بدر العلما کا پیغام
علما و مشائخ کے نام

رئیس الاتقیا بدر العلما حضرت علامہ مفتی بدر الدین احمد قادری رضوی علیہ الرحمۃ والرضوان مصنف ''سوانح اعلیٰ حضرت'' کا درج ذیل مضمون وہابیوں سے میل جول کے تعلق سے ہے اس میں انھوں نے علمائے اعلام و مشائخ عظام کو ان کی ذمہ داری کی یاد دہانی اور احقاق حق و ابطال باطل کی گذارش کی ہے۔ مدرسہ غوثیہ فیض العلوم بڑھیا ضلع سدھارتھ نگر کی روداد ۱۳۹۴ھ ۱۳۹۵ھ میں اہم ترین فریضہ کے نام سے شائع ہو چکا ہے

چونکہ افادیت کا حامل ہے اس لیے بندہ تیمناً، تبرکاً، افادۂ بدر العلما کا پیغام علماء و مشائخ کے نام سے اشاعت کی سعادت حاصل کر رہا ہے۔

محمد ابوالحسن قادری مصباحی۔

یہ بالکل کھلی بات ہے کہ مذہبی درس گاہوں کے قیام کا منشا اور تفسیر و حدیث، کلام و فقہ کے درس و تدریس کا مقصد مسلمانوں کو اعتقادی گمراہی سے بچانا اور ان کو راہ شرع پر چلانا ہے۔ تبلیغی جلسوں میں میں مدعو کئے جانے والے علما سے قرآن و حدیث کا یہی مطالبہ ہے کہ مسلمانوں کی رہ نمائی کا فرض انجام دو۔ اسلامی تعلیمات کی یہی پکار ہے کہ واعظین کرام و خطباء اسلام وقت کے بدترین فتنوں سے مسلمانوں کو بچائیں دین کے چھپے دشمن بارگاہ رسالت کے گستاخ بگلا بھگتوں سے مسلمانوں کو ہوشیار اور چوکنا رکھیں یہ کون نہیں جانتا کہ عہد حاضر میں سنی مسلمانوں کے دین و ایمان کا سب سے بڑا جان یوا دشمن وہابیت کا فتنہ ہے۔ آج بہت سے شہروں، قصبوں'' دیہاتوں میں عام طور

سے سنی مسلمانوں کا کثیر سادہ لوح طبقہ وہابی امام کے پیچھے نماز پڑھ رہا ہے۔ وہابی مولویوں سے اپنے ننھے منے بچوں کو مذہبی تعلیم دلوار ہا ہے وہابیوں کی بیٹیاں لاکر انکو اپنی بہو بنارہا ہے اور اپنی لڑکیاں وہابیوں سے بیاہ کرانہیں اپنا داماد قرار دیتا ہے۔ ان باتوں کا نتیجہ یہ ہے کہ دینی دنیوی رشتوں کی ان زنجیروں میں جکڑ کر اپنا خاصہ سنی مسلمان چند دنوں میں وہابی شیطان بن جاتا ہے۔

معاذاللہ رب العلمین۔

سرکار اعظم ہادی عالم پیارے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے امت کو ہدایت کردی تھی فَاِیَّاکُمْ وَاِیَّاھُمْ لَایُضِلُّوْنَکُمْ وَلَایَفْتِنُوْنَکُم۔ (مسلم شریف ج۱ ص۱۰) اے مسلمانو! تم لوگ بد مذہبوں سے دور رہنا اور اپنے کو ان سے الگ رکھنا کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ تمہیں گمراہ کردیں کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ تمہیں بد عقیدہ بنادیں۔

سبحان اللہ دین و اسلام ایمان وسنیت بچانے کے سلسلے میں سرکار مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیسی ٹھوس تعلیم دی تھی جس پر عمل نہ ہونے کی وجہ سے آج سیکڑوں سنی مسلمان گمراہ اور بد عقید ہو گئے اور معاذ اللہ ہوتے جارہے ہیں۔ لیکن یاد رہے کہ عوام مسلمانوں کے بد عقیدہ بن جانے کا وبال ان واعظین ومقررین علما اور پیروں پر ہے جو شنوائی، گویائی، بینائی، کی طاقت رکھنے کے باوجود بد مذہبوں کی نشاندہی کرنے اور انکے متعلق حکم شرعی سنانے کے بارے میں صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ بہرے گونگے اندھے بنے ہوئے ہیں۔ خانقاہوں کے پیران کرام، درگاہوں کے سجادہ نشین، تعلیم گاہوں کے علماء عظام، دارالعلوم وجامعہ کے ساحر البیان واعظین، تبلیغی جلسوں میں مدعو کئے جانے والے مقررین اگر عام مسلمانوں کو وہابیت کی گمراہی اور بیدینی سے آگاہ کرتے ہوتے اور وہابیوں کے بارے میں حکم شرعی سناتے رہتے کہ وہابیوں کے پیچھے نماز باطل ہے

Scanned by CamScanner

وہابیوں سے شادی بیاہ کا رشتہ قائم کرنا حرام ہے وہابیوں سے اپنے بچوں کو تعلیم دلوانا جائز نہیں تو آج وہابیت کا خون خوار بھیڑیا دن دہاڑے سنیت کا خون چوسنے نہ پاتا اور پیارے مصطفیٰ ﷺ کی سادہ لوح بھیڑیں اپنا ایمان وعقیدہ بگاڑ کر ہلاک نہ ہوتیں مگر افسوس ہزار افسوس کہ دور حاضر میں آنکھوں دیکھتے سنیت کی عمارت ڈھائی جارہی ہے مصطفیٰ پیارے ﷺ کی پیاری بھیڑیں وہابیت کا شکار ہوتی جارہی ہیں لیکن جھوٹی بناوٹی من گڑھت مصلحتیں ہیں جو شعلے بار دھواں دھار، ساحر البیان علما وخطبا مقررین وواعظین مشائخ وپیرزبانوں پر تالا لگائے ہیں فالی اللہ تعالیٰ المشتکیٰ۔

سرکار مصطفیٰ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں۔

أَتَرْعُوْنَ عَنْ ذِكْرِ الْفَاجِرِ مَتٰى يَعْرِفُهُ النَّاسُ ؟ أُذْكُرُوْا الْفَاجِرَ بِمَافِيْهِ يَحْذَرُهُ النَّاسُ۔

(حسام الحرمین ص ۶۲ و فتاوی رضویہ ج ۳ ص ۲۵۱)

یعنی کیا تم بدکار کی برائیاں کرنے سے کتراتے ہو لوگ اسے کب پہچانیں گے؟ بدکار کی برائیاں بیان کرو کہ لوگ اس سے بچیں۔

(رواہ ابن ابی الدنیا الشیر ازی ابن عدی والطبرانی والبیہقی والخطیب)

جب سرکار مصطفیٰ ﷺ کے اس فرمان کے مطابق بالاعلان فسق وفجور کرنے والے مسلمان کی برائیاں بیان کرنا واجب ہے تو کیا شان رسالت میں کھلے عام گستاخی کرنے والے بیدین وہابیوں کی برائی کرنا، انکے کفری عقیدوں کی مذمت کرنا فرض نہیں؟ ضرور اور قطعی ہے۔ ہاں یہ اور بات کہ دور حاضر فصیح البیان، طلیق اللسان مقررین میں اکثر وبیشتر حضرات جان بوجھ کر اس فرض کی ادائیگی سے کتراتے ہیں کیوں کہ انہیں اندیشہ ہے کہ جب ہم وہابیوں کے نام لیں گے اور انکے متعلق شرعی احکام بیان کریں گے تو ہمارے دھندے کا بازار ٹھنڈا پڑ جائے گا۔

Scanned by CamScanner

مکہ معظمہ کے مفتی حنفیہ حضرت سیدی صالح کمال رضی اللہ تعالی عنہ وہابیوں وغیرہ بددینوں کے بارے تحریر فرماتے ہیں۔

يَجِبُ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ التَّحْذِيْرُ مِنْهُمْ وَالتَّنْفِيْرُ عَنْهُمْ وَذَمَّ طَرِيْقَتِهِمِ الْفَاسِدَةِ وَآرَائِهِمِ الْكَاسِدَةِ وَإِهَانَتِهِمْ لِكُلِّ مَجْلِسٍ وَاجِبَةٌ وَهَتْكُ السَّتْرِ عَنْهُمْ مِنَ الْأُمُوْرِ الصَّائِبَةِ ۔یعنی ہر مسلمان (باثر واقف کار) پر واجب ہے کہ (دوسروں کو) وہابیوں وغیرہ بے دینوں سے ڈرائے اور انسے (لوگوں کو) نفرت دلائے اور انکے غلط طریقہ اور باطل خیالات کی برائی بیان کرے ہر مجلس میں بے دینوں کو ذلیل کرنا لازم ہے اور انکا پردہ چاک کرنا امور صواب میں سے ہے۔

(حسام الحرمین ص ۱۲۲)

حضرت علامہ سعد الدین تفتازانی علیہ الرحمۃ والرضوان شرح مقاصد میں تحریر فرماتے ہیں

حُكْمُ الْمُبْتَدِعِ الْبُغْضُ وَالْعَدَاوَةُ وَالْإِعْرَاضُ عَنْهُ وَالطَّعْنُ وَاللَّعْنُ۔

بد مذہب بدعقیدہ کے بارے میں شریعت کا حکم یہ ہے کہ اس سے عداوت ودشمنی رکھی جائے اسکو دیکھ کر چہرہ پھیر لیا جائے اور اسے برا بھلا کہا جائے نیز اس پر تھڑ تھڑی کی جائے۔ (المعتقد المنتقد ص ۲۳۴)

اللہ اکبر! اسلاف کرام کے ارشادات تو یہ ہیں لیکن ہمارے موجودہ بہت سے علما اور راہنماؤں کا حال یہ ہے کہ انکے وعظ و بیان میں موجودہ زمانہ کے بدعقیدہ فرقہ مثلا وہابی، دیوبندی کا لفظ تک نہیں آنے پاتا چہ جائے کہ بد مذہبوں اور وہابیوں کے بارے میں حکم شرعی سنانا اس پر عمل کرنے کی ترغیب دینا غضب کی بات تو یہ ہے کہ بعض مدارس عربیہ کے جاہل اراکین جب تبلیغی جلسہ کرتے ہیں تو اپنے مدعو علما ومقررین کو ہدایت

Scanned by CamScanner

کرتے ہیں کہ آپ لوگ اپنی تقریر میں وہابیوں کا نام نہ لیں گے اور نہ ان کے خلاف کچھ بولیں گے اور اس سے بڑھ کر غضب یہ ہے کہ تبلیغ دین کے نام پر آئے ہوئے علما وخطبا ان آزاد خیال دہریئے جاہل اراکین کی ہدایت کے سامنے سر اطاعت خم رکھتے ہیں۔ أعَاذَنَا اللّٰهُ تَعَالٰی مِنْ ذَالِكَ

حاصل گفتگو یہ ہے کہ سرکار مصطفی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عزت وعظمت کے جان نثار علما اور وفادار خطبا کا اہم فریضہ ہے کہ موجودہ دور کی بدعقیدگی، آزاد خیالی، بے دینی بالخصوص وہابیت، دیوبندیت، صلح کلیت کے فتنے سے مسلمانوں کو بچائیں یعنی وعظ وتقریر کے جلسوں میں مسلمانوں کو صاف صاف بتائیں کہ وہابی بارگاہ رسالت کے گستاخ اور سنیت کے دشمن ہیں۔ وہابی کی امامت باطل ہے۔ وہابی امام کے پیچھے نماز نہیں ہوتی وہابیوں سے شادی بیاہ کا رشتہ قائم کرنا حرام ہے اور دین کے حق میں زہر قاتل ہے وہابی دیوبندی پیر سے مرید ہونا حرام اور باطل ہے وہابی مولوی اگر میلاد شریف پڑھنے اور قیام تعظیمی کرنے پر تیار ہو جائے تب بھی اسے منبر پر جگہ دینا، اس سے تقریر کروانا حرام وناجائز یَا أللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ تو ہمیں اور ہمارے علما وخطبا کو مذہب اہلسنت کی سچی خدمت اور صلح کلیت، وہابیت کے ٹھوس تردید کی توفیق عطا فرما آمین آمین یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ بِجَاہِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَعَلَیْهِمْ وَ آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَ إبْنِهٖ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ أبَداً۔

Scanned by CamScanner

المجمع المسعودی کے مقاصد

☆ مجدد اعظم امام احمد رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شخصیت ان کے علمی، فکری کارناموں سے مسلمانانِ اہلسنت کو روشناس کرانا۔

☆ فرقِ باطلہ کے باطل عقائد ونظریات سے عوام اہل سنت کو واقف کرانا اور ان کے دام تزویر سے انھیں بچانا۔

☆ معاشرے میں پھیلی ہوئی برائیوں کے سد باب کی کامیاب کوشش۔

☆ رد بد مذہبان، احقاقِ حق، ابطال باطل۔

☆ طلبۂ مدارس اسلامیہ میں تحریر وقلم کا ذوق پیدا کرنا۔

☆ مسلک اعلیٰ حضرت امام احمد رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر کیے جانے والے حملوں کا مقابلہ۔

☆ بدمذہبوں کے بیجا اعتراضات کا علمی محاسبہ اور تحقیقی جواب۔

مجمع کی مطبوعات کے لئے رابطہ کریں

MOHAMMAD ABUL HASAN QUADIRI MISBAHI

JAMIA AMJADIA GHOSI MAU

PIN : 275304 PHONE : 222046

عُبید غوث وخواجہ رضا وکل اولیاء
محمد جمال الدین خان قادری رضوی
ضلع بہرائچ شریف یو پی الہند
موبائل نمبر : ← 7860520899

Scanned by CamScanner